(d) whether it is a fact that the company has been paying very high dividend *i.e.* 40 per cent instead of plowing back its earnings for consolidation and expansion of its operation; and

(e) whether it is also a fact that the company has contravened government directives by placing the bulk of its funds in a foreign bank through which import business is also carried on?

**Ch. Shujaat Hussain**: (a) Deletion achieved upto November, 1986 is a follows:—

| | |
|---|---|
| Car .. | 30.17 % |
| Pick-up .. .. .. | 25.44 % |
| Van .. .. .. .. | 22.63 % |
| Jeep .. .. .. .. | 19.20 % |

[Ch. Shujaat Hussain]

The target percentages given in the question are required to be achieved by December 31, 1989.

(b) No. It is incorrect that government is incurring loss of revenue. Actually the benefit of concessional duty on CKD kits compared with built up cars is for furthering govt's policy to encourage local assembly and is being passed on to the customsers. From January, 1984 till May, 1986 the company paid Rs. 822.45 million to the government as duty and sales tax on import of CKD kits of cars, pick-ups, vans and jeeps.

(c) Equity was subscribed by SMC in May, 1985, after the Joint Venture Agreement was finally approved by the government in February, 1985. As per companies law the return/dividend on equity is paid at the end of the financial year regardless of the period for which the shares were held in that year. The dividend declared by the company in its annual, general meeting held in December, 1985 was paid to SMC in accordance with the provisions of the Companies Ordinance, 1984. Thus, foreign equity of Rs. 8,885 million subscribed in May, 1985 earned Rs. 35,54,040 before tax by 2nd of February, 1986, implying a rate of 55.725 per cent for the short period. However, after 1st July, 1986, the foreign equity earns annually the same return as other share holders.

(d) During 1985-86 against profit (after tax) of Rs. 65.621 million, dividend of Rs. 15.993 million was declared, *i.e.* 22.5 per cent whereas out of Rs. 83.657 million (after tax) profit of 1984-85 only 19.903 million were distributed as dividend to the share-holders (PACO 57.15 per cent NDFC 25 per cent SMC 17.85 per cent). prior approval of its Directors under the Companies Law.

(e) The company has placed bulk of its funds in the Pakistani banks. However, some funds are also placed in the BCC with the prior approval of its Directors under the Companies Law.

RECRUITMENT OF LOCAL PEOPLE IN AUTONOMOUS BODIES

79. ***Mr. Hamzo Khan Palijo**: Will the Minister for Production be pleased to state:

(a) whether it is a fact that posts of Grade 1 to 16 in the autonomous bodies are filled from the people of area where the autonomous body is located; and

(b) if so, whether it is also a fact that the above procedure has not been adopted in the appointments made in Thatta Cement Factory?

**Ch. Shujaat Hussain:** (a) Yes, corresponding posts in the autonomous bodies under the Ministry of Production are filled locally.

(b) No. A few exceptions were made in technical disciplines where suitably qualified technicians were not available locally.

## EMPLOYEES IN KARACHI STEEL MILLS

80. **Qazi Abdul Latif:** Will the Minister for Production be pleased to state:

(a) the total number of employees working in the Karachi Steel Mill together with the number of work charged employees;

(b) whether the Steel Mill has also employed any foreign workers; if so the numbers thereof with country-wise break-up; and

(c) whether the Steel Mill has also employed foreign advisers, if so, their number, period of their employment and their monthly pay and allowances?

**Ch. Shujaat Hussain:** (a) The total number of employees working in Pakistan Steel is 21,964. There is no work charged employee.

(b) Nil.

(c) Number of foreign advisors/Experts are 303, Monthly salary Rs. 62,60,500.

## PVC PLANT IN FEDERAL CHEMICAL CERAMICS CORPORATION

*8. ***Shaikh Ejaz Ahmed:** Will the Minister for Production be pleased to state:

(a) whether it is a fact that sanction for setting up a PVC plant was given 3 years ago as a joint venture with Federal Chemical Ceramics Corporation; and

(b) the progress made uptill now on implementation of the project?

*Transferred from 6th January, 1987.

**Ch. Shujaat Hussain:** (a) No; sanction was granted on 2nd January, 1986.

(b) Technical bids are under evaluation.

## RECRUITMENT OF ASSISTANT PROFESSOR JPMC DENTISTRY

162. ***Mr. Javed Jabbar:** Will the Minister for Health, Special Education and Social Welfare be pleased to state:

(a) whether it is a fact that a teaching post of Assistant Professor, JPMC Dentistry was advertised by the Federal Ministry of Health on an *ad-hoc* basis in March, 1986;

(b) whether it is also a fact that at about the same time the Federal Public Service Commission also advertised the same post and invited applications therefor; and

(c) whether it is further a fact that of the 3 candidtates selected for interview by the Federal Health Secretary and the Director-General Health for this post the candidate who has less qualifications training or experience has been selected by the Federal Public Service Commission, if so the reasons therefor?

**Sardar Ghulam Muhammad Khan Mehar:** (a) Two posts were advertised in May, 1986.

(b) The FPSC advertised the posts—one on 27-4-1986 and the other on 13-7-86.

(c) The Federal Public Service Commission has nominated a candidate. The question of his eligibilty for appointment to the post is under consideration in consultation with the Commission and the Pakistan Medical and Dental Council (PMDC) the qualification for the post were laid down.

---

## LEAVE OF ABSENCE

**جناب قائمقام چیرمین:** اب رخصت کی درخواستیں ہیں۔

جناب یار محمد رند نے نجی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۲۵ جنوری تا ۳۰ جنوری ۱۹۸۷ء رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان انہیں رخصت کی اجازت دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب ارباب نور محمد صاحب نے نجی مصروفیت کی بنا پر ایوان سے ۲۹ر جنوری تا ۳۱ر جنوری ۱۹۸۷ء رخصت کی ایوان سے درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ سعید قادر صاحب ایک میٹنگ میں شرکت کرنے کے لیے کراچی تشریف لے گئے ہیں اس لیے انہوں نے ایوان سے ۲۹ر جنوری کے لیے رخصت کی درخواست کی ہے کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: سید فصیح اقبال صاحب، بیرون ملک تشریف لے گئے ہیں۔ اس لیے انہوں نے ۲۵ر جنوری تا ۲۹ر جنوری ۱۹۸۷ء رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب محمد احمد مرزا صاحب نے اپنی علالت کی بنا پر ایوان سے ۱۷ر جنوری تا اختتام حالیہ اجلاس رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب احمد میاں سومرو نے اپنی علالت کی بنا پر ۲۹ر جنوری تا ۲ر فروری ۱۹۸۷ء ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے کیا رخصت کی اجازت دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : میر علی نواز خان تالپور صاحب چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان میں ۲۵ جنوری تا ۲۶ جنوری شرکت نہیں کر سکے اس لیے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی اجازت دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : پروفیسر خورشید احمد صاحب، ایک بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کے لیے سوڈان تشریف لے گئے ہیں۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۹ جنوری تا ۱۲ فروری ۱۹۸۷ء رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ایوان رخصت کی منظوری دیتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

## DISCUSSION ON THE SITUATION ARISING OUT OF MASSING OF INDIAN TROOPS ON PAKISTAN BORDER

جناب قائمقام چیئرمین : اب ایوان سے میری یہ درخواست ہے کہ ابھی ۱۶ معزز اراکین نے اس بحث میں حصہ لینا ہے اس کے علاوہ وائنڈ اپ کرنے کے لیے متعلقہ وزیر کو آدھا گھنٹہ چاہیئے اس لیے وقت کا خیال رکھیئے گا کیونکہ میرا خیال ہے کہ آج اس بحث کو وائنڈ اپ کر دیا جائے۔ جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب (تشریف نہیں رکھتے) جناب راحت سعید چھتاری صاحب۔

جناب راحت سعید چھتاری : حضور والا! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس سلسلے میں اپنے خیالات کے اظہار کا موقع عطا فرمایا ہے اس سلسلے میں جتنی تقاریر ابھی تک ہوئی ہیں، میں نے انہیں سنا اور ہمارے جو زعما ر سیاستدان ہیں، ان کے الکشن اور ری الیکشن کو بھی دیکھنے کا موقع ملا۔ یہاں قاضی حسین احمد صاحب کی گھن گرج اور مولانا کوثر نیازی صاحب کی گرج بھی سننے میں آئی۔ اب میں ان دونوں سے کیا کہوں۔

سچ ہے فقط قول کی ایک قلقل مینا
ورنہ جو گرجتے ہیں وہ برسا نہیں کرتے

مولانا کوثر نیازی سے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں جو آج یہاں نہیں ہیں کہ دفعتاً ملک کے ٹوٹنے کے خطرے کے پیش نظر جو ان کے ہاں درد اٹھا، یہ اس سے پہلے نہیں اٹھا جب وہ اس حکومت کے فرد تھے کہ جس نے ملک کو توڑا تھا اس وقت ان سے کسی نے نہیں کہا کہ استعفیٰ دے دو۔ آج محض ایک واہمے کی خاطر صدر پاکستان سے کہہ رہے ہیں کہ استعفیٰ دے دیا جائے۔

اتنی نہ بڑھا پاکیٔ داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ، ذرا بند قبا دیکھ

جناب والا! چاہے قاضی حسین احمد صاحب، کا یہ نقطہ نظر ہو یا مولانا کوثر نیازی کا یہ نقطہ نظر ہو یا ولی خان کا ہو یا جی ایم سید کا، ان سب سے واشگاف الفاظ میں یہ کہہ دینا چاہتا ہوں کہ یہ جمہوریت ضیائے حق ہے جو محمد خان جونیجو وزیر اعظم کے ہاتھوں ہم تک پہنچی ہے لہٰذا اس کی حفاظت کی جائے گی اور کوئی ریشہ دوانی اس کے خلاف برداشت نہیں کی جائے گی۔ آج چالیس برس کے بعد یہ شعاع نظر آئی تو اس کی ہم ہر باد و باراں کے طوفان کے خلاف حفاظت کریں گے اور اسے پروان چڑھائیں گے۔

جناب والا، یہ کہا گیا کہ اس موقع پر صدر پاکستان کو کویت نہیں جانا چاہیئے تھا، کیوں نہیں جانا چاہیئے تھا؟ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔ اگر صدر پاکستان کویت نہ گئے ہوتے تو ملک میں war hysteria شروع ہو جاتا تو جب یہاں war hysteria ہوتا تو اس کے logical conclusions بھی سامنے آتے یعنی یہ کہ پھر یہاں ایمرجنسی بھی declare کی جاتی۔ یہ کہ اس کے بعد جو Fundamental Rights ہیں ان کو بھی suspend کیا جاتا بہرصورت۔ بالفاظ دیگر، اس ایک ہربونگ کے ماتحت، جو جمہوریت کے processes ہیں ان کو کسی طرح ختم کر دیا جائے۔ یہ اصل مقصد ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے وزیر اعظم نے جس تدبر کا مظاہرہ فرمایا ہے Joint-Session میں تقریر کر کے اور جس خوبی کے ساتھ صدر پاکستان نے اس صورت حال کو assess کیا اور یہ فیصلہ فرمایا کہ ملک میں وار ہسٹریا کو داخل نہیں ہونے دیں گے اور کویت چلے گئے اس سلسلے میں، میں ان دونوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

[Mr. Rahat Saeed Chhattari]

جناب والا! ہندوستان کی تاریخ پر نظر ڈالنا ضروری ہے تاکہ یہ مسائل واضح طور پر سامنے آ جائیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے جب مشرقی پاکستان کا مسئلہ زور پکڑ رہا تھا اور ہماری ایجنسیز سے مشرقی پاکستان کے لوگوں کا defection ہو رہا تھا اور ادھر ہندوستان جنگ کی تیاریوں میں مصروف تھا تو اس وقت وزارت خارجہ نے سفیروں کی ایک کانفرنس جنیوا میں بلائی تھی اور مجھے اس کانفرنس میں شرکت کا موقع ملا میں نے اس وقت جو الفاظ کہے تھے وہ آج میں یہاں دہرانا چاہتا ہوں۔ میں نے کہا تھا۔

India is a long stem flower which needs support to remain decorated.

اس کے پیش نظر اگر ہندوستان کی پوری تاریخ پر آپ نظر ڈالیں تو آپ کو یہ اندازہ ہوگا کہ جو بات میں نے کہی ہے وہ کس درجے صحیح ہے، جب آزادی کی مہم شروع ہوئی تو انہوں نے خلافت سے ہاتھ ملا لیا، لیکن جب انہیں طاقت پہنچی تو انہوں نے خلافت کو چھوڑ دیا، ۱۹۳۷ء میں جب انتخابات ہوئے تو انہوں نے مسلم لیگ سے ہاتھ ملا لیا۔ مسلم لیگ کے ساتھ مل کر انتخابات لڑے گئے لیکن جب ان کی اکثریت آ گئی تو انہوں نے مسلم لیگ کو نکال کر وہاں سے باہر پھینک دیا، جب چین کا حملہ ان کے اوپر آیا تو انہوں نے بڑھ کر امریکہ سے ہاتھ ملایا، جب یہ وقت آیا کہ انہیں مشرقی پاکستان کو ختم کرنے کے لیے اٹھنا تھا تو انہوں نے روس سے ہاتھ ملایا اور وہاں ایک دوستی کا معاہدہ دستخط ہو گیا جس کے ماتحت آج وہ بین الاقوامی دنیا میں جی رہے ہیں، یہاں جب ان کا خارجہ سیکرٹری آیا اور اس نے پاکستان پر کوئی نکتہ چینی نہ کی تو راجیو گاندھی کو یہ خیال پیدا ہوا کہ کہیں روسی یہ نہ سمجھ لیں کہ راجیو کے کہنے کے اوپر ان کے خارجہ سیکرٹری نے پاکستان کا ساتھ دیا ہے، للذا انہوں نے اسے برخاست کر دیا، جب ہم نے ان سے پوچھا کہ پاکستان آؤ گے تو کہا کہ "ہاں" جب ہم آ گئے تو انہوں نے کہا "نہ"۔ مجھے ایک ہندوستانی فلمی گیت کا ایک مصرعہ یاد آ رہا ہے۔ راجیو گاندھی کے اس پورے behaviour پر اس مصرعہ کو یاد کرتا ہوں اور اپنا سر دھنتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ :

ہاتھ سے بیٹھا گھوڑے کھلونے پاؤں سے توڑت جائے ہے

راجیو گاندھی یقیناً نوجوان نہیں اوران کے پاس ناآزمودہ کار کی جرائت بھی ہو سکتی ہے لیکن ہندوستان کی عسکری تیارت نابالغ نہیں ہے ، اس وقت وہ ہرگز کسی عنوان ہم پر حملہ نہیں کریں گے ، اور الحمد للہ کہ ہمارے وزیر اعظم کے اقدام کا نتیجہ یہ ہوا کہ حالات بہتر سے بہتر ہوتے جا رہے ہیں ، لیکن مجھے جس چیز پر بڑی حیرت ہے وہ یہ ہے کہ ان چیزوں کو جانتے ہوئے ، میں تو ایک سویلین ہوں ، یہاں تو فوجی لوگ بھی تھے اور یقیناً صدر پاکستان نے اسے جانا اور اسی لئے انہوں نے کویت جانا پسند کیا اور وہ یہاں نہیں ٹھہرے لیکن ہم نے اس میں over react کیا ہے ، اس کا سبب میری سمجھ میں نہیں آتا ، میں آپ کو صاف طور پر یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میرے نزدیک یہ خطرہ نہیں تھا ، یہ وہ situation ہے جس کے بارے میں فارسی میں کہا گیا ہے کہ خدا شر برانگیزد کہ خیر ما درآن باشد"۔

۱۹۶۵ء سے آج تک ملک کے حالات بدلے ہیں ، ملک کی دفاعی ضروریات بدل گئی ہیں۔ یہ اس لئے کہ ایران کی depth جو مغربی پاکستان کے دفاع کے لئے لازمی تھی وہ اب ہمارے پاس نہیں ہے۔ ۱۹۶۵ء سے لے کر آج تک جتنی دفاعی منصوبہ بندی ہم نے کی ہے ، وہ صرف کاغذوں کے اوپر ہے اور کاغذی منصوبہ بندی کبھی کام نہیں کیا کرتی ، میرے رب کا یہ کرم ہے کہ اس نے حقائق کو آپ کے سامنے لا کر آپ کو حقیقت کی روشنی میں اپنی دفاعی منصوبہ بندی کرنے کا موقع عطا فرمایا ہے ، اس پر جس قدر بارالہٰی کا شکر بجا لایا جا سکے وہ کم ہے کہ آج ہمیں یہ معلوم ہو گیا کہ ان کے بدلے ہوئے حالات میں ہماری دفاعی منصوبہ بندی کیا ہو گی اور کس طرح ہو گی ، تو ان چیزوں کے پیش نظر میں یہ سمجھتا ہوں کہ بہت طول طویل تقریر کرنے کا وقت نہیں ہے اس لئے کہ ہمارے خارجہ سیکرٹری کل جا رہے ہیں ان کے ساتھ دفاع کے لوگ بھی جا رہے ہیں وہاں گفتگو ہو گی اور حالات معمول پر آ جائیں گے تو اس میں جو چیز سوچنے کی ہے وہ یہ ہے کہ جب ہماری فوجیں اپنی مشقوں کا وقت پورا کرنے کے بعد اپنی امن پوزیشنوں پر واپس آئیں تو اس وقت بھی ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ اگر یہ سچوئیشن کری ہوتی ہے تو ہماری آئندہ منصوبہ بندی کیا ہو گی ۔ شکریہ ۔

جناب قائم مقام چیئرمین : قاضی عبداللطیف صاحب (تشریف نہیں رکھتے) جناب شاد محمد خان صاحب ۔

جناب شاد محمد خان : جناب چیئرمین صاحب! آپ نے مجھے موقع دے کر بڑا احسان کیا ۔ میں آپ کا ممنون ہوں اور اس موضوع پر حتی المقدور اپنے تاثرات بیان کرنے کی کوشش کروں گا ۔ ان نامساعد حالات میں جب جنگ کے بادل ہر طرف سے اٹھ رہے تھے، وزیراعظم پاکستان نے ایک نہایت جرأت مندانہ اور حقیقت پسندانہ قدم اٹھا کر پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس بلوا کر اس میں جو قوم کو اعتماد میں لینے کی کوشش کی ہے وہ قابل تعریف ہے باوجود اس کے کہ وزیراعظم نے واضح الفاظ میں ان حالات کی نشاندہی کی جس سے ملک کو دوچار ہونا تھا لیکن پھر بھی نام نہاد سیاستدانوں نے ان کی اس کوشش کو توڑ موڑ کر قوم کے سامنے پیش کیا جو اخبارات کی زینت بنا اور یہی کہتے رہے کہ یہ ایک لکھی ہوئی تقریر ہے جو کہ وزارت خارجہ نے بنا کر دی ہے، انہوں نے یہ بھی کہا اور یہاں بھی ایوان بالا کے بعض مقررین نے یہ کہا کہ صدر مملکت کو اس وقت ملک چھوڑ کر باہر نہیں جانا چاہیئے تھا حالانکہ حالات کا صحیح جائزہ وہی لے سکتے تھے ۔ بحیثیت ایک تجربہ کار اور مدبّر کے انہوں نے حالات کا جائزہ لے کر جو قوم کو وزیر اعظم کے ذریعے اعتماد میں لینے کی کوشش کی اور خود ایک اہم کانفرنس میں شمولیت کرنے کے لئے گئے وہ بھی نہایت قابل تعریف ہے اس لئے کہ انہوں نے جو وہاں کردار ادا کیا اور وہاں جا کر افغانستان کے مسئلہ کو اجاگر کر کے بہم ممالک کے سربراہان مملکت کو جو اعتماد میں لے کر مسئلہ افغانستان کے حل کی طرف ایک مثبت اقدام کیا، وہ بھی نہایت قابل تعریف ہے اس کے علاوہ انہوں نے اپنے دوستوں اور مسلمان سربراہان مملکت کو یہ احساس دلایا کہ ہمارے سر پر ایک خطرہ منڈلا رہا ہے، اس لئے بھی ان کا جانا ضروری تھا، لہٰذا یہ بات زیب نہیں دیتی کہ صدر مملکت کو اس بات میں ملوث کریں کہ وہ مستعفی کیوں نہیں ہوتے ۔ میرے خیال میں یہ اچھا اقدام نہیں ہے اور ایوان بالا کے معزز ارکان کی یہ باتیں ان کے شایان شان نہیں ہیں ۔

اسی کے ساتھ ساتھ جہاد کی تلقین دی جا رہی ہے ۔ قاضی صاحب نے بیک وقت

دو باتوں کا اعتراف کیا، ایک طرف انہوں نے کہا کہ ملک جنگ کے دہانے پر کھڑا ہے لہذا ریڈیو اور ٹی وی سے وہ 'نغمے' وہ قومی نغمے نشر کئے جائیں تا کہ قوم کو کھڑا کیا جائے کہ قوم اٹھے، ابھرے اور حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہو لیکن ساتھ ہی ساتھ انہوں نے اسی پلیٹ فارم پر یہ بھی کہا کہ انہیں یہ شرف حاصل ہے کہ وہ متحدہ شریعت محاذ کے سیکرٹری جنرل بھی ہیں۔ اگر متحدہ شریعت محاذ کے سیکرٹری جنرل کی حیثیت سے انہوں نے نغمے نشر کروانا تھے تو کہاں سماع کی محفل اور کہاں ان کی وہ تبلیغ کہ وہ متحدہ شریعت محاذ کے سیکرٹری جنرل ہیں لہذا انہیں بھی یہ زیب نہیں دیتا۔ **جناب والا! جہاں تک ہندوستان کی جارحیت کا تعلق ہے ........**

قاضی حسین احمد: میں پوائنٹ آف پرسنل ایکسپلینیشن پر ہوں، انہوں نے میرا نام لیا ہے لیکن مجھے ٹھیک طریقے سے معلوم نہیں ہو سکا کہ ان کو کس بات پر اعتراض ہے تا کہ میں اس کی وضاحت کر سکوں۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! ایک طرف وہ لوگوں کو ابھارتے ہیں کہ نور جہاں کے نغمے لگائے جائیں تاکہ قوم لڑائی کے لئے تیار ہو۔

جناب قائم مقام چیئرمین: قاضی صاحب آپ تشریف رکھیں، میرا خیال ہے پرسنل ایکسپلینیشن کی کوئی ایسی ضرورت نہیں ہے۔ جی خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! پھر اس دور میں ہیں جہاد کی تلقین کرنا جب کہ اس وقت ان کے ایک سرکردہ لیڈر نے کشمیر کے جہاد کو حرام قرار دیا تھا۔

قاضی حسین احمد: پوائنٹ آف آرڈر۔ میں نے یہ نہیں کہا کہ نور جہان کا نغمہ جو ہے وہ جہاد کا نغمہ ہے یہ تو انہوں نے اس کو نغمہ نور جہان بنا دیا، میں نے تو قومی ترانہ کی کوئی بات کی ہے۔ ان کے ذہن میں شاید نور جہان کے علاوہ کوئی ترانہ وغیرہ نہیں ہے، نور جہان ہی کے ترنم اور ترانے اور اسی کا تصور آتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ترانہ نور جہان گائے گی تو آپ بھی سنیں گے جی،

جناب شاد محمد خان: اب جناب والا! میں اصل موضوع کی طرف آؤں گا۔ اگر پاکستان بننے کے وقت سے آج تک نظر ڈالی جائے تو ہندوستان نے آج تک کبھی پاکستان کے

[Mr. Shad Muhammad Khan]

وجود کو تسلیم نہیں کیا۔ لہٰذا اپنے آپ کو دھوکہ دینا اور حکومت کا اس زعم میں آنا کہ ہندوستان ہمارا دوست ہو سکتا ہے یہ بے سروپا اور بے وقت کی راگنی ہے اس سے حکومت کو احتراز کرنا چاہیئے۔ جناب والا! اسی کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کروں گا۔ جب ہندوستان ہمارے وجود کو تسلیم نہیں کرتا تو اس کے ساتھ نرم رویہ اختیار نہیں کرنا چاہیئے اور سختی سے ایکشن لینا چاہیئے تاکہ وہ ہماری طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھے۔ میں تو یہ بھی کہوں گا کہ چونکہ تخریب کار سندھ کے راستے کھوکھرا پار کے راستے سندھ میں داخل ہو کر تخریب کاری میں ملوث ہوتے ہیں اور جی ایم سید اور الطاف نامی شخص کے ہاتھوں میں کھیل کر اور روپیہ بٹور کر پاکستان میں شرارت کرتے ہیں۔ لہٰذا کھوکھرا پار کی سرحد کو بالکل بند رکھا جائے اور کسی صورت میں بھی حکومت کو یہ معاہدہ نہیں کرنا چاہیئے کہ کھوکھرا پار کا راستہ کھل جائے اگر یہ راستہ کھلے گا تو تخریب کاری کا اندیشہ زیادہ ہو گا اور ہمیں نقصان اٹھانا پڑے گا۔

ہندوستان کے اپنے اندرونی حالات بھی خراب و خستہ حال ہیں۔ اسے یہ بھی خوف ہے کہ پاکستان کی طرف سے امداد آ رہی ہے جو قطعاً غلط ہے میں اس ایوان میں صرف یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ کھوکھرا پار کے راستے کو نہ کھولا جائے اور نہ تجارت کے راستے کھولے جائیں اور نہ ہندوستان سے تجارت کی جائے۔ خدا کے فضل سے پاکستان اپنے پاؤں پر کھڑا ہونے کے قابل ہے اور پاکستان میں جملہ ضروریات زندگی بڑے آسان طریقے سے میسر آتی ہیں۔ لہٰذا حضور والا! میں استدعا کروں گا اور میری استدعا حکومت تک پہنچے کہ نہ تو ان کے ساتھ تجارت کی جائے کیونکہ دشمن کے ساتھ کیا تجارت ہو گی۔ سپر پاور ہو تو خوشامد کرنی پڑتی ہے لیکن انڈیا کو ہم سپر پاور نہیں سمجھتے جو کہ ہمیشہ ہمارے وجود کے خلاف رہا ہے۔ لہٰذا ان کے ساتھ نہ کوئی معاہدہ کیا جائے، نہ کوئی تجارتی معاہدہ کیا جائے اور نہ یہ سرحدیں کھولی جائیں۔ ہمارا گزارہ ان کے بغیر بھی ہو سکتا ہے اور ہوتا رہے گا۔ جناب والا! جب ایسا وقت آتا ہے تو اس وقت مخالف پاکستان کے کردار کو بھی اجاگر کرنا نہایت ضروری ہے کیوں نہ حکومت سختی سے یہ اقدام کرے کہ سندھ میں جو سندھو دیش کا نعرہ لگ رہا ہے، ان کے اکابرین کے خلاف فی الفور سخت اقدامات کئے جائیں تاکہ آئندہ کوئی شخص پاکستان کو توڑنے کی بات بھی نہ کر سکے جس طرح صوبہ سرحد کی سرزمین

سے باپ اور بیٹے کی آوازیں آرہی ہیں وہ سرخ انقلاب کے داعی ہیں انہیں سندھ کی طرف سے بعض لوگ لبیک کہتے ہیں لہٰذا ان کا تدارک کرنا بھی حکومت کے لئے نہایت ضروری ہے کیونکہ اگر ان لوگوں کو کھلی چھٹی دی جائے گی تو پاکستان کا وجود اور اس کی بقا خطرے میں ہوگی۔ لہٰذا میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ ان لوگوں کے خلاف قانونی حدود کے اندر ریفرنس کیا جائے۔ اگر یہ غدار ہیں تو ان کو غداری کے الزام میں سزا دینی چاہیئے۔

قوم کو ایک پلیٹ فارم پر لانے کے لئے سکولوں اور یونیورسٹیوں میں پھر سے کیڈٹس کور اور ٹریننگ کا اجراء نہایت ضروری ہے لہٰذا میں یہ درخواست کروں گا کہ فی الفور اس کا نفاذ کیا جائے تاکہ قوم ہر وقت تیار ہو اور جہاد کے جذبے سے سرشار ہو کر قوم کی خدمت کرے۔ جناب والا! اب اصلی بات یہ ہے کہ اس مملکت کا وجود لاالہ الااللہ محمد الرسول اللہ کے نام پر قائم ہوا ہے اور پاکستان کا قیام اسی پر ہوا ہے کہ ہم یہاں پر اسلامی شریعت کا نفاذ کریں گے۔ حکومت کو اس میں مزید ڈھیل نہیں دینی چاہیئے اور فی الفور نفاذ شریعت کا اہتمام کیا جانا چاہیئے تاکہ قوم کو اعتماد میں لے کر اس مملکت کو قوم کی امنگوں کے مطابق چلایا جا سکے۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ میجر جنرل (ریٹائرڈ) شیرین دل خان نیازی صاحب۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) شیرین دل خان نیازی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ مسٹر چیئرمین! میں آپ کا مشکور ہوں اور جناب وزیراعظم اور پاکستان کی فوج کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے ٹائملی ایکشن لے کر راجیو گاندھی کے red alert کو peace effort میں convert کیا۔ میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ قرآن مجید میں سورہ انفال کے مطابق ہم بطور مسلمان اپنی سرحدوں کی حفاظت ہر وقت کریں اور کرنی چاہیئے۔ مومن کی تو یہ خصوصیت ہے کہ ایک مومن دس کافروں کے برابر ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ہم ہندوستان سے آبادی اور دولت کے لحاظ سے ضرور کمزور ہیں اور ہماری فوج ان کے مقابلے میں کم ہے مگر ایک مومن دس کفار کا جواب دے سکتا ہے اگر ہم مومن ہوں تو ہمیں کوئی ڈر نہیں ہونا چاہیئے۔ ہماری فوج تعداد میں کم ضرور ہے مگر جیسے انہوں نے ۱۹۶۵ء کی جنگ میں ثابت کیا کہ ہندوستان

[Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

ہمیں شکست نہیں دے سکتا۔ اس جنگ میں وہ چھپے ہوئے طریقے سے لاہور کے فرنٹ پر آئے اور پھر انہوں نے ہی سیز فائر کی درخواست کی۔ سیز فائر کے بعد جب انہوں نے اس جنگ کا تجزیہ کیا تو وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ پاکستان کو ہم جنگ سے مغلوب نہیں کر سکتے۔ ہمیں ایسی کارروائی کرنی چاہیئے جس سے جنگ بھی نہ ہو اور پاکستان کو نقصان بھی پہنچے۔ انہوں نے ایک طریقہ نکالا کہ اندرونی خلفشار پیدا کیا جائے۔ تاشقند کی صلح کو شاید ایک دو مہینے گزرے ہوں گے کہ مجیب صاحب کے چھ پوائنٹ لاہور کے اخباروں میں چھپے اور پانچ سال کے اندر مشرقی پاکستان ہم سے جدا ہو گیا۔ ایسٹ پاکستان کی جدائی کے بعد بھی ہم نے اس سے سبق نہیں سیکھا کہ مکار ہندو ہمیں کس کھیل میں ڈال چکا ہے۔

میں نے پہلے بتایا کہ ایک مومن دس کے برابر ہے میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ قرآن میں لکھا ہوا ہے کہ مومن ہمیشہ غالب رہے گا۔ یہ قرآن کی آیت ۳/۱۳۸ ہے۔ کفار کبھی مومن پر غلبہ حاصل نہیں کرے گا۔ ابھی ہم نے مومن بننا ہے اگر ہم مومن ہوں تو یہ کام کر سکتے ہیں مگر جہاں تک میں سمجھتا ہوں ہمیں مومن بننے کے لئے ابھی وقت درکار ہے۔ دو جنریشن گزر چکی ہیں پاکستان میں ہم نے دو جنریشن پیدا کی ہیں مگر ہم نے ان کو مومن نہیں بنایا۔ آج ہمارے جو بچے ہیں میرے خیال میں ہم نے ان کو غلط راستے پر ڈالا ہے وہ materialistic concept کی طرف چلے گئے ہیں۔ میں واپس جنگ کے موضوع پر آتا ہوں کہ ہندو نے پھر کیا کیا۔ مشرقی پاکستان جب ہم سے چلا گیا تو ۷۳-۱۹۷۲ میں انہوں نے وہی خلفشار پیدا کرنے کے لئے اپنے کارندے سندھ میں بھیجے۔ مگر اس وقت کی حکومت نے اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا اور انٹیلی جنس ایجنسی ہمیشہ حکومت وقت کو سب اچھا کی رپورٹ ہی دیتی رہی۔ وہ یہ سمجھتے رہے کہ وزیر اعظم چونکہ سندھ کا رہنے والا ہے وہ خود اس کا بندوبست کریں گے اور ان کو سچی بات نہ بتائیں۔ یہ سلسلہ مارشل لاء کے دوران بھی چلتا رہا اور سب اچھا کی رپورٹ پیش کرتے رہے۔ میری اس حکومت سے درخواست ہے کہ وہ خدا را اپنی انٹیلی جنس ایجنسیز کو ری آرگنائز

کریں۔ ایکسٹرنل سائیڈ کا علیحدہ ڈیپارٹمنٹ ہے وہ خارجی ضروریات کو cater for کرے اور انٹرنل disorder کے لئے جو ایجنسی ہے وہ علیحدہ ہو۔

جناب والا! میں جیسا کہ پہلے بتا چکا ہوں کہ ہندوستان نے جب جائزہ لیا کہ پاکستان کے اندرونی حالات میں خلفشار ڈالنے کے لئے یہ ان کا ایک منصوبہ ہے تو ہندوستان کے ایک بہت بڑے فلاسفر چانکیہ نے جیسے میکیاولی نے اپنی کتاب "پرنس" لکھی ہے۔ ایسے چانکیہ کی بھی ایک کتاب ہے "ارض شاستر" میں نے اس کتاب کے حصول کے لئے سینٹ اور قومی اسمبلی کی لائبریری میں کوشش تو کی مگر یہ کتاب نہیں مل سکی۔ قرآن پاک میں یہ کہا گیا ہے کہ ہر بات پر بڑا تدبّر اور تفکر کرنا چاہیئے۔ میں آپ سب سے یہ درخواست کروں گا کہ یہ ہندو کیا ہے اور یہ کیا کرسکتا ہے ہم بطور مومن یا مسلمان اس پر سوچیں اور اپنے بچوں کو بتائیں۔ ہم نے ۱۹۴۷ء میں دیکھا ہے کہ اس نے ہمارے ساتھ کیا کیا مگر ہمارے بچوں نے تو ہندو کی شکل بھی نہیں دیکھی۔ میرا ذاتی خیال ہے کہ بلدی پاکستان کی ہر یونیورسٹی میں قرآن کی ایک 'Chair' ہونی چاہیئے اور اس کی تعلیم دی جانی چاہیئے اور ہم اس پر عمل کریں۔ وہ تجویز پتہ نہیں منظور ہوتی ہے یا نہیں۔ بہرحال ہر یونیورسٹی میں ایک Chair ہونی چاہیئے تاکہ ہندو کیا ہے اور اس کی ذہنیت کیا ہے اس کو سمجھ سکیں۔ اس چانکیہ کا میں ذکر کرنا چاہتا ہوں اس کے آٹھ اصول تھے۔ جن پر ہندوستان بالکل ہوبہو چل رہا ہے۔ اصول نمبر ۱ اس کا یہ تھا کہ ہوس ملک گیری کبھی بھی دل سے نہ نکالو grab as much as you can دوسرا اصول یہ تھا

Never be friendly with the neighbours but always be friendly with a neighbours' neighbour

ان کو دشمن کی طرح سمجھو۔

آخر میں، میں جس بات پر آنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ دوسرے ممالک میں مخالفانہ پروپیگنڈہ تخریبی کارروائی اور ذہنی انتشار پیدا کرو اور اس کی مہم جاری رکھو وہاں خفیہ کالمسٹ بھیجو لوگوں کو خریدو اور وہاں اپنا دھندہ جاری رکھو۔ اس کے آٹھ اصول ہیں اس چانکیہ کو پڑھنا چاہیئے اور اس پر غور کرنا چاہیئے۔ امید ہے کہ جب وزیر داخلہ صاحب ہندوستان جائیں گے تو یہ کتاب لے آئیں گے کیونکہ

[Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

یہاں پہ کتاب دستیاب نہیں ہو سکی۔

جناب والا! جہاد قرآن کے مطابق فرض ہے اور ہر مسلمان پر فرض ہے جیسے روس نے افغانستان پر حملہ کیا ہے۔ پاکستان نے صرف زبانی جہاد کیا ہے فزیکل جہاد نہیں کیا ہے۔ جہاں بھی ظلم ہو وہاں پر جہاد فزیکل کیا جائے اور ظلم کو وہاں سے ختم کیا جائے۔ ہم باتیں کرتے ہیں جہاد نہیں کرتے۔ قوم کو جہاد کے لئے کافی تیاری کرنی پڑے گی اور اس کے لئے مومن بننا ضروری ہے جب تک قرآن کو الحمد سے لے کر والناس تک اس ملک میں پڑھایا نہ جائے گا اور ایسی قوم تیار نہ کی جائے گی جو قرآن کے ہر لفظ کو سمجھ سکے تب تک وہ جہاد کا مطلب نہ سمجھیں گے۔ ہماری دینی درسگاہوں کے طالب علم گورنمنٹ کے جو بائیس چوبیس ہزار ادارے ہیں ان سب میں قرآن پڑھائیں اور جہاد کا مطلب بھی بتائیں اور وہ خود پہلے جہاد میں شامل ہوں جیسے کہ افغانستان کے ملّا صاحبان اور ان کے لوگ جہاد کر رہے ہیں۔

جناب والا! میں ہندوستان کی مکاری اور چالاکی کے متعلق بتانا چاہتا ہوں کہ دنیا کی دو سپر پاورز Russia and America اس کے ساتھ ہیں وہ آج سے نہیں ہیں غالباً جب ۱۹۵۷ء میں انڈیا میں الیکشن ہوا تھا تو اس میں بدقسمتی سے کوئی ۵۷ سے ۵۰ کے قریب کمیونسٹ ممبرز انڈین پارلیمنٹ میں الیکٹ ہو کر آئے اور یہ الیکشن انڈیا کے لئے ایک بونس بن گیا۔ امریکہ نے ان کو ایڈ دینا شروع کی یہ پارٹیشن سے پہلے کا ذکر ہے اس کے بعد ہر الیکشن میں کمیونسٹ ممبروں کی تعداد کم ہوتی رہی اور انڈیا امریکہ کو بتاتا رہا کہ آپ کی ایڈ کی برکت سے تین ممبر کم ہو گئے ۱۹۵۱، ۵۲ کا ذکر ہے کہ نہرو نے عام اعلان تو نہیں کیا مگر جب ۱۹۶۲ء میں، چیئرمین صاحب! اب میں یہ ایک سٹیٹمنٹ دینا چاہتا ہوں کہ انڈیا نے چائنا پر حملہ کیا تھا، چائنا نے ہندوستان پر کوئی حملہ نہیں کیا تھا۔ دنیا کے پریس نے، Free press of the world امریکہ، روس اور سب نے مل کر یہ بات مشہور کر دی کہ چین نے ہندوستان پر حملہ کیا ہے۔ حقیقت اس کے بالکل برخلاف تھی۔ میں اس

وقت یو این او میں تھا میں نے وہاں لوگوں کو کہا کہ یہ حملہ چین نے نہیں کیا بلکہ
ہندوستان کی طرف سے پہل ہوئی ہے۔ کرشنا مینن ان دنوں وہاں تھا جو ان دنوں
China's admission in the U.N. سپانسر کر رہا تھا یہ بڑی tactical move تھی انڈیا میں
اور انہی دنوں ستمبر میں نیو یارک ٹائمز جو کہ امریکہ کا almost godfateher ہے۔ جس کی
ہر بات کو جو اس میں publish ہوتی ہے، سچ مانتے ہیں General Kaul کو
Man of the date declare کیا تھا اور اسی میں ۹، ۱۰ اکتوبر کو مدراس میں مسٹر نہرو نے as a Defence
Minister اپنے Commander-in-Chief کو آرڈر دیا۔ drive the enemy way out
انڈیا کے دو ہی دشمن ہیں پاکستان یا چین۔ آپ اندازہ لگائیں کہ دنیا کا آزاد
پریس جو اپنے آپ کو سچ کہنے کا دعویدار ہے۔ دنیا کو دھوکہ اور چین کو بدنام
کرنے کے لئے یہ مشہور کیا کہ چین نے ہندوستان پر حملہ کر دیا ہے۔ ایک دن
بعد ہم نے امریکہ کے ٹی وی پر وہ گنیں بھی دیکھیں جو لڑائی میں استعمال
ہو رہی تھیں۔ خیر آپ کو جنگ کا ریزلٹ تو پتہ لگ ہی گیا تھا اور چین
نے ہندوستان کو پیچھے بھگا دیا تھا بلکہ وہ ہندوستانی علاقے میں داخل ہوئے۔ یہ
میں آپ کو بتانا چاہتا تھا یہ ثابت کرنے کے لئے کہ اس لڑائی کے بعد
امریکہ نے ایک پرانے defence pact or treaty یا جو بھی آپ کہیں، کے
تحت ہندوستان کو ۱۶۰ ملین ڈالر کا ملٹری ہارڈ ویئر دیا۔ ہندوستان کے پاس
تقسیم کے وقت بھی ۱۷ آرڈیننس کارخانے تھے انہوں نے کہا تھا کارخانے
ہم تمہیں اور دیں گے۔ چار کارخانے مزید ان کو دیئے یعنی ۱۹۶۲ء جنگ میں انڈیا نے
چائنا پر حملہ کرکے، امریکہ نے ان کو کارخانے اور ان کے equipment اپگریڈ
کرنے کے لئے دیا۔ آج ان کے پاس اکیس کارخانے ہیں اور وہ دنیا کا
ایک بہت بڑا weapon producing country ہے۔ اس کی تیسری مثال یہ ہے
کہ اس کو ایٹم بم بنانے میں نہ روس نے انڈیا کو بند کیا اور نہ ہی ہمارے
دوست امریکہ نے، روس کی دوستی بھی انڈیا سے بہت پرانی ہے۔ پاکستان

[Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

بننے کے بعد روس نے دوستی کا ہاتھ بڑھایا مگر اس وقت لیاقت علی خان صاحب نے ماسکو کی دعوت کو منظور بھی کر لیا مگر بعد میں چند وجوہ کی بنا پر جس کا مجھے علم نہیں ہے۔ شاید نواب چھتاری صاحب بتا سکیں گے، وہ نہیں جا سکے۔ کشمیر کی لڑائی میں ۱۹۵۶ء ہے۔

Russia openly was on the side of India. So is the case, of course, they don't say so even the America, we have not mentioned Kashmir in any of the U.N. Resolutions which he makes speeches as references but we have never taken up the case of Kashmir in the U.N. forum for the last 20 years.

۱۹۶۵ء اور ۱۹۷۱ء کی لڑائیوں میں بھی روس نے بھارت کی کافی مدد کی۔ بڑے مزے کی بات یہ ہے کہ روس کا انڈیا کے ساتھ جو financial agreement ہے جتنا equipment یا تیل وہ روس سے لیتے ہیں۔ اس کی ادائیگی وہ انڈین کرنسی میں کرتے ہیں۔ یعنی ہم اگر امریکہ سے کوئی ہتھیار خریدتے ہیں تو اس کو ہم Dollar میں pay کرتے ہیں۔ ہندوستان جب اپنے ملٹری ہارڈ ویئر کو روس سے خریدتا ہے تو وہ transfer of technology بھی ساتھ لاتا ہے اور انڈین کرنسی میں pay کرتا ہے۔ روس نے تقریباً ۸۰ سے زیادہ بیس پراجیکٹس انڈیا میں لگائے ہیں تو دو سپر پاورز آج انڈیا کے ساتھ ہیں اس کے باوجود ہماری فوج تعداد میں ضرور تھوڑی ہے خدا ان کو اور ہمت دے اب تک پاکستان کی سرحدوں کے ٹھیک محافظ بنے ہیں اور ہمیں دعا کرنی چاہیئے کہ وہ محافظ بنے رہیں مگر ان کے لئے ہمیں کچھ کرنا پڑے گا۔

جناب والا! اس سلسلے میں میں Maxvel Tellar کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ میرے بھائی سینیٹر خورشید صاحب نے فرمایا تھا Maxvel Tellar نے کتاب لکھی تھی جو اس وقت کینیڈی کا ملٹری ایڈوائزر تھا۔ مجھے ملٹری ایکسپرٹس آف یونائیٹڈ سٹیٹس سے ملنے کا اتفاق ہوا اور ان کو یہی بتایا کہ انڈیا نے چاٹا پر حملہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے source کیا ہیں۔ میں نے ان کو source بتائے اور ساتھ میں نے یہ کہا فروری میں انشاءاللہ آپ کو Maxvel Tellar حقیقت بتائے گا

اور آپ کی ایف پی آئی اور ٹی آئی بی بتا دے گی۔ فروری میں Maxyel Tellar کی کانگریس کے سامنے جو presentation ہوئی اس میں انہوں نے لکھ دیا تھا کہ انڈیا نے چائنا پر حملہ کیا ہے۔ جن اعداد و شمار کا میرے دوست سینیٹر نے حوالہ دیا ہے proportion to our strength versus India میں ان سے تھوڑا سا اتفاق نہیں کرتا ہوں۔ اس میں شک نہیں کہ انڈیا ہم سے تعداد میں زیادہ ضرور ہے اس کی آبادی بھی زیادہ ہے۔ اس کا اقتصادی پس منظر بھی ہم سے بہتر ہے۔ ایک تین کا ہمارا آرمی کا تناسب ہے۔ ایک آٹھ ہماری ایئر فورس ہے یا ایک پانچ ہماری ایئر فورس ہے اور ایک آٹھ ہماری نیوی ہے۔ میرے خیال میں یہ proportions correct ہونی چاہئیں کیونکہ

we can take India, we can defend our country with the present strength of our army. It is designed to be defensive army, it is not to capture daily..

ہمارے پاس تعداد کم ہے۔ اس تعداد کے باوجود ہم نے اپنی کمی، اپنی ٹریننگ اور اپنی ہمت سے پوری کرنی ہے۔

جناب ان چند چیزوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، آپ نے مجھے وقت کا بھی کہا تھا میں یہ چاہتا ہوں کہ لازمی ملٹری ٹریننگ تمام سکولوں اور کالجوں میں ہونی چاہیئے بلکہ ہر تھانہ، ویلج لیول پر ویلج ڈیفنس سکیم رکھیں۔ ڈیفنس پروڈکشن کے لئے ہمیں کافی کچھ کرنا ہوگا۔

چونکہ ہماری اکنامک بیک گراؤنڈ the society is sustained in a long war اتنی مضبوط نہیں ہے۔ اس ملک میں میرے سامنے جو facilities یا fringe benefits دائیں بائیں ہم سب کو مل رہے ہیں کچھ کمی کر کے ڈیفنس کے equipment یا ڈیفنس کو update کرنا چاہیے اور misuse کو ختم کریں یا جتنی بھی بچت ہم کر سکیں۔ کیونکہ ہمارے پاس وہ ذرائع تو ہے نہیں کہ پاکستانی روپے دے کر equipment خرید سکیں۔ اس لئے ہمیں اپنا خرچ اپنی جیب کاٹ کر اپنا پیٹ کاٹ کر اپنے ڈیفنس کے لئے تھوڑی بہت ہمت کرنی پڑے گی۔ مگر سب سے ضروری بات یہ ہے جو میں نے پہلے بھی عرض کی تھی کہ ہمیں اپنے بچوں اپنی اولاد کو مومن بنانا ہے اس کے لئے کافی کام کرنا پڑے گا۔ پچھلے چالیس سال میں تو ہم کر نہ سکے

[Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

اگر اس ایمرجنسی یا اس threat کو ہی آپ مدنظر رکھیں تو ہمیں اپنی نئی پود کو اسلام پر لانا ہو گا۔ میں ان چند الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں جناب چیئرمین!

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ۔ نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی۔ (تشریف نہیں رکھتے)۔ شہزادہ برہان الدین صاحب۔

مجاہد برہان الدین خان: جناب چیئرمین صاحب! میں آپ کا شکرگزار ہوں کہ اس مضمون پر آپ نے مجھے بھی کچھ کہنے کی اجازت دی۔ جناب عالی! سب سے پہلے میں بہت افسوس کرتا ہوں کہ ہم مسلمان اپنی کمزور لیڈر شپ کی وجہ سے اتنے گر گئے ہیں کہ اگر ہمارا دشمن ادھر ذرا سا ہلتا ہے تو یہاں ہم سب ہل جاتے ہیں۔ ہم ان مسلمانوں کی اولاد ہیں جنہوں نے ایک ہزار سال ہندوستان پر حکومت کی۔ جرمنی جو ہمارے برابر ہی ملک ہے، ان کے بھی آٹھ کروڑ لوگ تھے۔ انہوں نے پوری دنیا کو ہلا کر رکھ دیا اور ہم لوگ آٹھ کروڑ ہیں لیکن ہمارے سامنے کچھ ہوتا ہے تو لرز جاتے ہیں۔ یہ تمام لیڈر شپ کی کمزوری کی وجہ سے ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر یہ لیڈر شپ صحیح ہاتھ میں ہوتی تو آج دشمن ہم سے لرزتا۔ مغل بادشاہوں کا کہنا تھا کہ اگر تم اپنے ملک میں امن چاہتے ہو تو لڑائی کی تیاری کرو۔ اپنے لوگوں کو تیار کرو۔ ۱۹۸۰ء میں جب روس افغانستان میں آیا تو صدر صاحب نے سوات میں ہم سب کو بلا کر کہا کہ یہ ہوا ہے ہم کیا کریں۔ ہم نے اسی وقت نشاندہی کی کہ یہ دیر سوات، چکوال قلات میں فوجیں تھیں۔ تمام بہاولپور وغیرہ میں بلکہ سب جگہ فوجیں تھیں۔ ان فوجیوں کو آپ ایک دم کھڑا کریں۔ ان کو ٹریننگ دیں۔ ان کو نیشنل گارڈز وغیرہ کا نام دیں۔ باقی جتنے ریٹائرڈ آفیسرز گاؤں میں ہیں یا دیہاتوں میں ہیں ان کو حکم دیں کہ مردوں کو عورتوں کو ہفتے میں کم ازکم ایک دفعہ سمجھائیں کہ لڑائی کے وقت کیا کرنا ہے۔ اس لئے پہلے ہی سے بندوبست کرنا چاہیئے انہوں نے ہماری بات سنی اور اس کے بعد بات ختم ہو گئی۔

میں کہتا ہوں کہ آج جرمنی نے جو کچھ کیا تھا وہی ہم کریں لیکن ہم تو دوسروں کی زبان کی طرف دیکھتے ہیں کہ ان کا کیا خیال ہے۔ ہم خود مرد بنیں ہمیں کون روک سکتا ہے۔ ہم پوری قوم کو یونیفارم پہنائیں اور اس کا نام نیشنل سروس کو رکھیں اس وقت

ہم پر ایمرجنسی ہے۔ اس میں تنخواہیں وغیرہ نہیں ہوں گی۔ تھوڑا سا جیب خرچ، روٹی کپڑا وغیرہ پر ہوگا۔ بچوں کی تعلیم مفت ہوگی۔ انہی لوگوں سے یہ تمام بلڈنگز وغیرہ بنوائیں۔ وہ یونیفارم میں ہوں گے ان کو ٹریننگ دیں گے تو دوسرا ملک خود بخود گھبرا جائے گا۔ یہ بڑے ملکوں کی مثال اور عورتوں کی مثال ایک جیسی ہے۔ عورت مضبوط آدمی یا پیسے والے آدمی کو دیکھتی ہے۔ یہ بڑی قومیں بھی اسی طرح دیکھتی ہیں کہ طاقتور ہیں یا اس کے پاس پیسے ہیں۔ جب ہمارے پاس کچھ بھی نہیں ہے تو کون ہماری طرف دیکھے گا۔ کم سے کم ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنے آپ کو طاقتور بنائیں اور سب کچھ ہماری اسی طاقت میں پڑا ہوا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ اگر آج ہم اس طرح کریں گے تو ہمارے کسی دشمن کو ہم پر نظر ڈالنے کی جرأت نہ ہوگی۔

یہ جو ہندوستان ہے یہ کچھ نہیں کر سکتا ہے۔ ہندو واقعی مسلمان کا دشمن ہے ہم اس سے انکار نہیں کر سکتے کہ وہ بڑے ہوشیار لوگ ہیں وہ اس بات کو جانتے ہیں اگر وہ ہم سے لڑ پڑے تو پھر ہم دونوں ختم ہو جائیں گے اور تیسرا ملک آکر ہم پر قابض ہو جائے گا اور امریکہ کا یہی کھیل ہے۔ پہلے وہ کوریا گئے لیکن ادھر کامیاب نہیں ہوئے پھر ویت نام میں آئے ادھر اٹامک جنگ کا تجربہ نہیں کر سکے اب آہستہ آہستہ اس کو ادھر لاتے ہیں تاکہ اسے جنگ کا اکھاڑہ بنائے۔ تاکہ اس کا یورپ پر اثر نہ ہو۔ کم سے کم اس بات کو ہندوستان بھی سمجھتا ہے اور ہم بھی سمجھتے ہیں۔ میرے خیال میں کبھی بھی ایسی غلطی کوئی بھی نہیں کرے گا ہم مسلمانوں کو ایک چیز سمجھنی چاہیئے غریب مسلمان تو بڑے مخلص مسلمان ہیں وہ تو اس بات کو سمجھتے ہی نہیں ہیں۔ جس وقت یہ تیل کا بحران پیدا ہوا تھا اس وقت امریکہ لرز گیا تھا اور امریکی لیڈر شپ نے کہا تھا کہ آئندہ ہم بندوبست کر رہے ہیں کہ پھر یہ بحران نہیں ہوگا۔ اس کے بعد ہی پہلا قدم انہوں نے یہ اٹھایا کہ شاہ فیصل کو مارا۔ پھر اس کے بعد ایران اور عراق کی لڑائی شروع کرادی۔ افغانستان کا مسئلہ شروع ہوا یہ جو انہوں نے اسرائیل بنایا ہوا ہے یہ گویا ایسٹ انڈیا کمپنی ہے۔ اس میں برٹش کا بھی ہاتھ ہے اور امریکہ کا بھی ہاتھ ہے۔ مقصد ان کا یہ ہے کہ وہ پورے عرب پر قبضہ کرلیں۔ عرب

[Shahzada Burhanudin Khan Mujahid]

پر اسی وقت قبضہ ہو گا جب باہر کے تمام اسلامی ملک کمزور ہو جائیں گے۔ انہیں کمزور کرنے کا یہی ایک طریقہ ہے جو اختیار کیا جا رہا ہے۔ کراچی میں جو کچھ ہوتا ہے تو ہم اس کو فرقہ واریت پر محمول کرتے ہیں۔ دیکھئے ۱۸۵۷ء کے بعد یہ لڑائیاں ہوئیں ورنہ ایک ہزار سال تک مسلمانوں نے حکومت کی تھی، کبھی ہندو مسلم فساد نہیں ہوا تھا یہ تمام انگریزوں کی پیدا کردہ چیزیں ہیں۔ یہ دوسرے لوگ ہیں جو مسلمانوں کے رنگ میں ڈھلے ہوئے ہیں اور یہ وہی لوگ ہیں جو یہ کام کراتے ہیں۔ مسلمان کبھی بھی بچوں کو نہیں ماریں گے مسلمان کبھی بھی اس قسم کی حرکتیں نہیں کریں گے جو آپ نے کراچی میں دیکھی ہیں۔ یہ بڑے بڑے ممالک ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو دوست کا رنگ دے رکھا ہے، وہ یہ کرواتے ہیں۔ ہمیں اس چیز کو سمجھنا چاہیئے۔

جب تک ہم قومیت کو اجاگر نہیں کریں گے، جب تک ہم میں نیشنل پرائڈ نہیں آئے گا اس وقت تک کبھی بھی ہم اس ملک کو نہیں سنبھال سکیں گے اور نیشنل پرائڈ کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنی زبان ملک میں رائج کریں۔ ۳۰ سال یہ کہتے گزر گئے ہیں کہ ہمارے ملک میں اردو قومی زبان ہو گی اور یہ آئین میں بھی دیا گیا ہے لیکن آج تک اس پر کوئی پیش رفت نہیں ہوئی ہے اور ہم اپنے آپ کو کہتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں ہم آزاد ہیں، میں اس ملک میں کوئی بھی آزادی نہیں دیکھ رہا ہوں، میں اس کی کوئی جھلک بھی نہیں دیکھ رہا ہوں جب ایک دفعہ اس ملک میں قومی زبان رائج ہو جائے اس سے لوگوں میں فخر پیدا ہو جائے گا اور لوگوں کے دلوں میں یہ بات اجاگر ہو گی کہ ہم لوگ ایک قوم ہیں اب اس صورت میں ہم کونسی قوم ہیں۔ بس ہم ویسے ہی ہیں، صرف باتوں کی حد تک ہی ہیں، یہاں بھی ہم آتے ہیں تو باتیں کر کے چلے جاتے ہیں لیکن ہم سب میں کسی ایک چیز پر بھی اتفاق نہیں ہے، اسلام پر یا زبان پر کسی پر کوئی اتفاق نہیں ہے۔ یہ چیزیں ہیں جن کو ہم لوگوں نے اپنانا ہے۔ جب ہم ان کو اپنائیں گے تو ہم ایک قوم بن جائیں گے تو پھر صرف ہندوستان کیا کوئی بھی ملک ہماری طرف نہیں دیکھ سکے گا اور سب کے سب ممالک ہماری دوستی کے خواہاں ہوں گے لیکن میں افسوس سے کہتا ہوں کہ جب تک یہ چیزیں پیدا نہیں

ہوں گی اس وقت تک کسی کے اوپر بھی ہم انحصار نہیں کر سکتے ہیں۔ ہمیں اپنی ہی طاقت کو بڑھانا چاہیئے۔ اپنی ہی طاقت کے اوپر اعتماد کرنا چاہیئے۔ اپنے ہی لوگوں پر اعتماد کرنا چاہیئے۔ آپ انگریزوں کے زمانے کی فوج کو دیکھیں اس میں ہندوؤں کے خالص بٹالین تھے سکھوں کے خالص بٹالین تھے، گورکھوں کے خالص بٹالین تھے مگر مسلمانوں کا ایک بھی بٹالین نہیں تھا جس میں سکھ کمپنیاں یا ہندو کمپنیاں نہیں ہوتی تھیں۔ اب انہوں نے کیا کیا ہوا ہے، انہوں نے تو انگریزوں سے بھی اس نظام کو بدتر کیا ہوا ہے۔ کم از کم فوج میں کمپنیوں کے نام "پنجابی کمپنی یا پٹھان کمپنی" رکھیں۔ یہ نہیں ہے اب انہوں نے سیکشنوں میں بھی ایک لائلپوری سپاہی رکھا ہوا ہے، ایک سیالکوٹی سپاہی رکھا ہوا ہے، یا ایک کوئی دوسرا رکھا ہوا ہے جو کہ بالکل لڑائی کے قابل نہیں ہے اس طریقے سے یہ خود اپنے آپ کو کمزور کر رہے ہیں۔ یہ جان بوجھ کر انگریزوں کی پالیسی کو اسی طرح سے اپنا رہے ہیں جس طرح وہ کرتے تھے۔ کہ "divide and rule" اور ان کو کمزور کرو۔ میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے لڑائیوں میں حصہ لیا ہے، ہم تو جانتے ہیں جب تک قومی جذبہ لوگوں میں نہیں ہو گا، اس وقت تک لڑائی نہیں لڑی جا سکتی۔ اس لئے سب سے پہلے یہ لوگ بھاگیں گے، جب ایک آدمی بھاگنا شروع کرتا ہے تو پھر سب بھاگنا شروع ہو جاتے ہیں۔

میں افسوس کے ساتھ اپنے جرنیلوں کے بارے میں کہنا چاہتا ہوں، یہ ٹھیک ہے کہ سب اچھے ہیں جن کے بارے میں ماؤزے تنگ نے کہا ہے کہ یہ پیپر ٹائیگرز ہیں۔ ان سب کے بارے میں باقاعدہ پیپروں میں آتا ہے مگر لڑائی میں جس لیڈرشپ کی ضرورت ہوتی ہے یہ ان میں سے کسی ایک میں بھی نہیں ہے، میں یہ دعویٰ سے کہتا ہوں، میں خود فوجی رہ چکا ہوں میں جانتا ہوں کہ لیڈر شپ کے لئے ایسا آدمی چاہیئے جو لڑائی کے موقع پر سب کو فولاد بنا دے اور ان کو لے کر آگے بڑھ سکے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ جو کہہ رہے ہیں کہ اتنی ڈویژنز فوج ہماری سرحدوں پر آئی ہوئی ہے۔ اگر ہمارے جرنیل صحیح ہوں، تو میں کہتا ہوں کہ یہ گیارہ کے گیارہ ڈویژنز ہمارے ہاتھوں جنگی قیدی ہو جائیں گے۔ اگر ہم لوگ اپنے ایمان سے کام کریں، ہم لوگ تدبر سے کام کریں، یہ تو کچھ بھی نہیں ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ ہم مسلمانوں میں ہمت اور جرأت ہونی چاہیئے

[Shahzada Burhanudin Khan Mujahid]

اور یہ سندھی، پنجابی والی چیزوں کو چھوڑنا چاہیئے اور انگریزی کے ساتھ اپنی لگن کو چھوڑنا چاہیئے اور جو نہیں چھوڑ رہے ہیں، یہ وہی لوگ ہیں جو ملک کے غدار ہیں۔ میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اظہار خیال کا مجھے موقع دیا۔

جناب قائم مقام چیئرمین : شکریہ۔ بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد حیات خان۔

بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد حیات خان : جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ میں اپنی تقریر کو مختصر رکھوں گا تاکہ دوسرے دوستوں کو بھی موقع مل سکے سب سے پہلے تو میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرح سے جناب وزیر اعظم صاحب نے پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا اور بڑے صحیح اور متوازن طریقے سے حالات سے آگاہ کیا اور پھر اس کے بعد جو انہوں نے فیصلہ کیا جو بڑے ٹھنڈے دل اور حوصلے سے کیا وہ بھی بہت قابل تعریف ہے۔ اب انڈیا کا مقصد کیا ہے۔ انڈیا نے ہمارے ملک کے خلاف ہر چند سال بعد فوجیں اکٹھی کی ہیں پہلے ۱۹۴۸ء میں، جب انہوں نے حیدرآباد پر قبضہ کرنا تھا۔ ۱۹۵۰ء میں جب ہندو مسلم فسادات بہت زیادہ ہو گئے تھے جس کے بارے میں پاکستان نے بہت احتجاج کیا تھا اس کے بعد "نہرو لیاقت پیکٹ" ہوا لیکن اس پر انڈیا نے کوئی عمل درآمد نہیں کیا۔ تیسری دفعہ اور انڈیا کے خیال میں آخری بار ۱۹۵۱ء میں جولائی کے مہینے میں پوری فوج لا کر ہمارے بارڈر پر کھڑی کر دی اور جہاں تک اس کے بارے میں ہمیں پتہ چلا، ان کا اس وقت یہ مقصد تھا کہ پاکستان کو ایک دفعہ ختم کر دیا جائے کیونکہ ہم نے سمجھا تھا کہ یہ اپنے پاؤں پر کھڑا نہیں ہو سکے گا اور اگر اس سے زیادہ موقع دیا گیا تو پھر ہمیں تکلیف ہو گی تو جب ہمیں ان کی فوجوں کے آنے سے پہلے خبر مل گئی تو اس وقت کے وزیر اعظم نے وہ "مکہ" دکھایا جسے آج تک لوگ جانتے ہیں اور وہ مشہور ہے۔ نہرو سے کسی نے پوچھا کہ تم پاکستان سے لڑائی کرتے ہو، اس نے کہا پاکستان کے پرائم منسٹر سے پوچھیں، اسے زیادہ پتہ ہے۔ بہرحال صحیح بات یہ تھی کہ جس دن صبح حملہ ہونا تھا، اس دن ان کی وار کونسل، بمبئی اور اس میں ان کے فوجی سربراہوں نے یہ کہا کہ اگر ہم نے لڑائی کی تو پاکستان کی چھوٹی سی فوج، جو کہ اس وقت ہندوستان کی فوج کا ایک چوتھائی تھی، وہ

اپنے آپ کو ختم کرے گی لیکن ساتھ ہی انڈیا کی فوج کو بھی ختم کرے گی اور اس طرح دونوں فوجیں ختم ہو جائیں گی۔ اس لئے ہم یہ مشورہ نہیں دیتے کہ پاکستان پر حملہ کیا جائے، اس طرح بارہ گھنٹے کے بعد وہ حملہ منسوخ کر دیا گیا۔ ہم نے اسی وقت سے اپنا دفاع مضبوط کرنا شروع کر دیا، اس سے پہلے ہمارا کوئی خاص دفاع نہیں تھا۔ بہرحال ان کا وہ مقصد پورا نہ ہو سکا۔ اس کے بعد پھر ۱۹۶۵ء کی جنگ ہوئی جس کے بارے میں آپ سب کو معلوم ہے اور یاد ہے۔ پھر ۱۹۷۱ء میں جو ہندوستان کا کردار رہا ہے وہ بھی آپ کو یاد ہے اس میں ان کو ایک سپر پاور کی مدد حاصل تھی۔

جناب والا! اب جو انہوں نے کنفرنٹیشن کی ہے، یہ بے مقصد نہیں ہے لڑائی نہیں ہوگی لیکن یہ ایک حقیقت ہے اور خطرہ ہے کہ ہندوستان ہر سال اپنی فوج ہمارے بارڈروں پر لا کر کھڑا کر دے گا۔ یہ تقریباً کوارٹر ملین خرچ کر کے اپنی فوجیں بارڈر پر لائے ہیں اور اتنا وہ خرچ بھی کر سکتے ہیں اور ہمیں بھی اسی طرح ہر سال خرچ کرنا پڑے گا جب وہ ہمارے بارڈرز پر فوجیں لائیں گے تو ہمیں بھی بارڈرز پر جانا پڑے گا۔ اس لئے یہ ہمیں دل میں رکھنا چاہیئے کہ جب تک ہمارے پاس deterrent نہیں ہے، تدارک نہیں ہے، جو کہ دو طریقوں سے ہو سکتا ہے جب تک وہ نہیں ہوگا تو یہ بھتریٹ جو ہے یہ ہمیشہ ملتی رہے گی اور ہمیشہ ہم لوگ صلح کی باتیں کرتے رہیں گے تدارک ایسے ہو سکتا ہے کہ اپنی تھوڑی سی فوج کو جس میں ہم اضافہ نہیں کر سکتے، جتنے جدید ہتھیار ہیں وہ دیئے جائیں تا کہ فائر پاور کا ہم مقابلہ کر سکیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہمیں اس بات کو بالکل چھوڑ دینا چاہیئے کہ ہم ایٹم بم نہیں بنائیں گے کیونکہ تمام چھوٹے ملکوں کا صحیح حفاظتی انتظام اسی طریقے سے ہو سکتا ہے۔ اسرائیل نے ایٹم بم بنا لئے ہیں، مغربی افریقہ نے بنا لئے ہیں اور بھی کئی ملک ہیں جنہوں نے بنا لئے ہوں گے جن کے بارے میں ہمیں علم نہیں ہے۔ اس لئے ہم اس کو بھی ڈسکارڈ نہیں کر سکتے خاص طور پر اس حالت میں، جب ایک طرف ایک سپر پاور ہے دوسری طرف منی سپر پاور ہے۔

اس کے علاوہ جناب والا! انڈیا کے مقابلے میں ہماری فوج بہت تھوڑی ہے

[Brig. (Retd.) Muhammad Hayat Khan]

اور یہ اس سے زیادہ ہو بھی نہیں سکتی ۔ اس لئے میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں کہ ہمیں سٹینڈنگ آرمی کی نفری کو کم کر کے نیشنل آرمی بنانی چاہیئے ۔ تمام ملک میں نیشنل آرمی کھڑی کی جائے اور فوجی سروس کمپلسری کی جائے اور جو فوج ہم رکھیں اس میں تمام صوبوں کی برابر نمائندگی ہو اور جن صوبوں کی اس وقت نمائندگی نہیں ہے وہاں سے فوج میں بھرتی کی جائے ۔ رینک اینڈ فائل میں اور آفیسرز میں ، اور جو ادارے آفیسرز پروڈیوس کرتے ہیں ان میں سب صوبوں کو شامل کیا جائے تاکہ ہر صوبے کے افراد فوج میں آ سکیں اور ہر صوبے کی لیڈر شپ فوج میں موجود ہو اور پھر لوگ اعتراض نہ کریں کہ یہ پنجابی آرمی ہے گو کہ اب بھی دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ فوج میں اب بھی پنجاب کا حصہ ۶۰ فیصد سے زیادہ نہیں ہے لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ یہ سارے ملک کی فوج ہو اور سارے ملکی دفاع میں شامل ہوں ۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی suggest کروں گا کہ پارلیمنٹ کو ایک ڈیفنس کمیٹی قائم کرنی چاہیئے جو کہ پارلیمنٹ کے نمائندوں پر ہر صوبے سے مختص ہو تاکہ وہ دیکھے کہ ہم ڈیفنس کو کس طرح سے مضبوط کر سکتے ہیں اور جو کچھ غلطیاں ہم ڈیفنس میں دیکھیں، ڈیفنس میں غلطیاں ہوتی ہیں جن کا ہمیں پتہ نہیں لگتا کیونکہ عام آدمی کے لئے یہ close book ہے اور وہ دیکھیں کہ کہاں کہاں کمزوریاں ہیں ان کو دور کیا جائے command control میں کمزوریاں ہیں یا ranka and fire میں کمزوریاں ہیں ، یا ہتھیاروں کی کمی ہے اور پھر اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کیا قدم اٹھایا جائے ۔ اس کا کنٹرول جناب وزیر اعظم صاحب کے پاس ہو اور ان کے مشورے میں پارلیمنٹیرین ہوں تو اس سے فوج جو ہے وہ زیادہ مضبوط ہو گی اور ہم اپنا دفاع کر سکیں گے لیکن میں یہ ابھی کہہ دینا چاہتا ہوں کہ یہ اس طرح کی ٹریننگ کا بہانہ جو ہے یہ اگلے سال بھی آئے گا ، اس سے اگلے سال بھی آئے گا ، اس سے اگلے سال بھی آئے گا ، اس لئے ابھی سے ہمیں صحیح منصوبہ بندی کرنی چاہیئے اس کے خلاف ۔ اور اس میں میری جو تین چار تجویزیں ہیں یہ شامل کی جائیں ۔ نیشنل آرمی کی ضرورت ہے وہ بھی ہو اور چاروں صوبوں کی برابر نمائندگی ہو اور ہر جگہ پر محض نیچے والی سطح پر نہیں ،

آفیسر کلاس میں بھی آفیسرز کی برابر نمائندگی ہو۔ پھر آپ کی فوج جو ہے اس سے بھی مزید اچھی ہو جائے گی۔

جہاں تک ہمارے جنرل صاحب نے اسلامی جذبے کا کہا ہے، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں، میرا رابطہ فوج سے سب سے زیادہ قریبی ہے، میرے لواحقین سپاہی سے لے کر جنرل تک ہیں، میں یہ بتا دوں کہ یہ فوج آج پاکستان بننے کے بعد زیادہ اسلامی ہے اور اسی جذبے سے لڑے گی اور جب یہ جنگی قیدی ہو گئے تھے تو ان کے وزیر دفاع نے یہ کہا کہ ہمارا ملک تو پاکستان سے دس گنا بڑا ہے، ہماری فوج بھی دس گنا بڑی ہے لیکن ہم تمہاری ذہنیت سے ڈرتے ہیں، اس کا یہ مطلب تھا کہ وہ آئیڈیالوجی سے ڈرتے ہیں، ہمارے نظریئے سے ڈرتے ہیں اور وہ نظریہ انشاءاللہ قائم ہے اور قائم رہے گا۔ اس لیے فوج کی طرف سے میں یقین دلاتا ہوں کہ یہ صحیح اسلامی فوج ہے اور صحیح جہاد کرے گی اور کوئی خطرے کی بات نہیں ہے لیکن ہمیں اس کو اور زیادہ مضبوط بنانا ہے۔ شکریہ!

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب ممتاز احمد خان صاحب!

جناب ممتاز احمد خان: جناب چیئرمین صاحب! پاکستان کی مشرقی سرحد پر ہندوستانی فوجوں کے اجتماع سے ملک میں ایک تشویش کا ماحول پیدا ہو گیا ہے، جیسے دو روز پیشتر جناب وزیر اعظم محمد خان جونیجو صاحب نے اپنی مدبرانہ تقریر میں پوری وضاحت کے ساتھ اس کا جائزہ لیا ہے۔ پاکستان کے اپنے بنیادی اصول پرامن بقائے باہمی کا ذکر کیا اور ہندوستان کی طرف سے کسی ممکنہ جسارت یا غلط اقدام پر انہیں پوری طرح متنبہ کیا۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وزیر اعظم صاحب نے اپنی تقریر جو ہے وہ اعتدال کے ساتھ کی ہے یا low tone میں کی ہے اس میں وہ جذبہ نہیں ہے جو کہ ان حالات میں کسی قوم کے وزیر اعظم کو شو کرنا چاہیئے۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو باتیں انہوں نے کیں وہ بالکل صحیح کیں اور بردباری اور تحمل جو ہے وہ حکمرانی کے لئے، سلطنت چلانے کے لئے، انتظامیہ چلانے کے لئے ضروری ہے۔ دو انتہائی بنیادی اہم اصول ہیں کہ آدمی میں بردباری اور

[Mr. Mumtaz Ahmad Khan]

تحمل ہو اور پھر وہ جو بات کرے دلیل کے ساتھ کرے۔ انہوں نے یہ نہیں کہا کہ میں ہندوستان کے خلاف ایک ہزار سال جنگ لڑوں گا اور انہوں نے یہ نہیں کہا کہ اب میں سنہرا بنگلہ دیش جو کہ میرا ہے وہاں پر جا کر میں وادیوں میں لڑوں گا، میں جنگلوں میں لڑوں گا اور میں دریاؤں کے کناروں پر لڑوں گا اور اس کے بعد ایک وفد لے کر شملہ چلے گئے اور شملہ پیکٹ کیا جو کہ آج بھی ہمارے چہروں پر ایک داغ اور دھبہ ہے اگر پوچھنا چاہیں کہ وہ شملہ معاہدہ کیا تھا تو سردار عبدالقیوم خان سے پوچھئے اور جب یہ کہا جاتا ہے کہ ہم کشمیر کا سوال اقوام متحدہ میں کیوں نہیں اٹھاتے تو اسی وجہ سے کہ شملہ معاہدہ نے ہم کو پابند کر دیا ہے، ہمارے ہاتھ پاؤں کاٹ دیئے ہیں۔ ہم براہ راست گفتگو کے علاوہ اور کوئی اقدام نہیں کر سکتے ایسی باتیں کرنا کہ بھئی یہاں پر تقریر جو تھی وہ جوشیلے انداز سے ہونی چاہیئے تھی Hard words do not break any bone بات دلیل کیساتھ ہونی چاہیئے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ بڑی عمدہ تقریر کی گئی اور بڑی دلیل کے ساتھ تقریر کی گئی۔

ایک بات جو ہمیں اپنے ذہن میں رکھنی چاہیئے وہ یہ ہے کہ میں آغاز پاکستان سے لے کر آج تک دیکھتا آیا ہوں اور یہ ہم آئندہ بھی چند نسلوں تک دیکھیں گے ممکن ہے کافی عرصہ تک دیکھتے رہیں کہ ہندوستان نے کبھی پاکستان کے وجود کو تسلیم نہیں کیا ہے اور اس وقت تک جب کہ ہندوستان خود ٹکڑے ٹکڑے نہیں ہو جاتا۔ اس کے حکمران پاکستان کے وجود کو تسلیم نہیں کریں گے اس واسطے یہ جو سرد جنگ اور اعصابی جنگ ہندوستان ہر دوسرے، تیسرے سال ہمارے خلاف لڑتا ہے، ہماری سرحدوں پر فوجیں لے آتا ہے، اس سے بالکل نہیں گھبرانا چاہیئے۔ ضرورت یہ ہے کہ ٹھنڈے دل سے ہمیں معروضی حالات کا جائزہ لینا چاہیئے، ہمیں objective analysis کرنا چاہیئے کہ اس وقت دنیا کے حالات کیا ہیں کیا ہندوستان کو جرأت ہو سکتی ہے کہ وہ آج پاکستان پر حملہ کرے، ناممکن ہے، ایسا نہیں ہو سکتا اب ہندوستان کا اپنے علاقے میں فوجیں لے آنا ...... ہزار بار لائے red alert دے ہم کیوں یہاں پر خوفزدہ ہوں کہ وہ red alert دے رہا ہے،

جناب! سوچنے کی بات یہ ہے کہ ہم بیٹھ کر تجزیہ تو کریں کہ ہندوستان کس بناء پر حملہ کرے گا، اس کا cause of action کیا ہے، کس بنا پر حملہ کرے گا، اور اگر وہ یہ سمجھتا ہے کہ پاکستان کے اندر کچھ اندرونی انتشار ہے اور ہندوستان اس پر حملہ کرے گا، تو ہندوستانیوں نے پہلے بھی دیکھا ہے کہ پاکستان میں بدقسمتی سے بہت عرصے سے اندرونی انتشار ہے لیکن جب کبھی ہندوستان نے اس قسم کی کوئی جسارت کی ہے تو ساری قوم جو ہے اپنی فوج کے پیچھے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑی ہو گئی، ماسوائے ان لیڈروں کے جو کہ طرح طرح کی، بھانت بھانت کی بولیاں بولتے ہیں اور پاکستان کے خلاف بیانات دیتے ہیں۔ خدا نخواستہ اگر کوئی eventuality ہوئی، ایسا کوئی موقع آیا تو آپ دیکھیں گے کہ وہی لوگ جو کہ آج حکومت کی کئی بنا پر مخالفت کرتے ہیں اقتصادی معاملات کی وجہ سے، مہنگائی کی وجہ سے اور دوسری کئی ایسی چیزیں ہیں جن کی وجہ سے حکومت پر تنقید ہوتی ہے لیکن اس وقت وہ تنقید کو بھول جائیں گے اور اپنی فوجوں کے پیچھے کھڑے ہو جائیں گے۔

رن آف کچھ کا زمانہ یاد کیجئے اس وقت، میں گھانا میں تھا جس وقت کہ خبر آئی تھی کہ آج ہماری فوجوں نے ہندوستانی فوجوں کو رن آف کچھ میں پیچھے دھکیل دیا ہے اس بین الاقوامی کانفرنس میں جہاں پر میں گیا ہوا تھا، اس وقت اے ٹی ایم مصطفےٰ ہمارے لیڈر تھے وہ ایوب خان صاحب مرحوم کی وزارت میں وزیر تعلیم تھے۔ جس وقت ہم کانفرنس ہال میں داخل ہوتے تھے تو تالیوں سے ہمارا استقبال ہوتا تھا کہ یہ پاکستانی لوگ آئے ہیں کہ جن کی فوج نے رن آف کچھ میں کہیں دور ہندوستانی فوج کو پیچھے دھکیل دیا ہے۔ پھر ۱۹۶۵ء کی جنگ دیکھئے یعنی تمام دنیا شہادت دے رہی ہے اور بڑے بڑے فوجی تجزیہ نگار reviewers and experts ان سب کی یہ رائے ہے کہ پاکستان نے اس وقت معجزہ کر دکھایا کہ اپنے سے اتنی بڑی فوج کو جس نے رات کے اندھیرے میں دھوکے سے پاکستان کے اوپر حملہ کیا اس کو سورج ڈھلنے سے پہلے دھکیل کر اس کی سرحدوں میں پیچھے پھینک

[Mr. Mumtaz Ahmad Khan]

دیا۔ اس وقت رن آف کچھ کا میرے ذہن میں ایک ایسا گہرا تاثر تھا کہ جس وقت میں نے یہ خبر سنی کہ لاہور پر حملہ ہو گیا ہے۔ صبح سویرے میں بیٹھا شیو کر رہا تھا میں نے ٹیلیفون پر اے پی پی سے پوچھا کہ کیا معاملہ ہے، انہوں نے کہا ہماری فوجیں جو ہیں وہ باٹا پور پہنچ گئی ہیں، ان کے مقابلے پر ہیں، میں نے کہا الحمدللہ، مجھے کوئی فکر نہیں ہے کیونکہ ہماری فوجیں جو ہیں وہ ہندوستانی فوجوں کے بالمقابل باٹا پور کے مقام پر آ گئی ہیں، لہٰذا مجھے کوئی فکر نہیں ہے اور جہاں تک ۱۹۷۱ء کی بات ہے آپ یاد رکھیں، میں کسی بین الاقوامی پلیٹ فارم پر یہ بات ثابت کرنے کے لئے تیار ہوں کہ ہماری ہندوستان کے ساتھ کوئی جنگ نہیں تھی، یعنی وہ ہماری جو تھوڑی سی فوج ۴۲ ہزار جوان وہاں پر تھے ریشہ دوانیوں سے They were stabbed in the back by Yahya Khan in Islamabad and by Bhutto in New York.

ہم نے خود اپنی فوج کی پیٹھ میں چھرا گھونپا اور ان کو وہاں پر ذلیل و خوار کیا۔ ہندوستان کے ساتھ ہماری وہ کوئی جنگ نہیں تھی، وہ اصل میں جنگ ہی نہیں تھی، ایک سازش ہم نے خود کی، یہاں پر بیٹھے ہوئے جرنیلوں نے یحییٰ خان کے حواریوں نے اور دوسرے جو اقتدار کے بھوکے تھے انہوں نے وہاں پر وہ پولینڈ کی قرارداد کو پھاڑ کر، ان فوجوں کے لئے کوئی ایسا موقع ہی نہیں چھوڑا کہ وہ عزت اور آبرو سے واپس آ سکیں اور اس دوران چین نے جو دو نصیحتیں کی تھیں مسٹر بھٹو کو جس وقت وہ گل حسن اور رحیم خان کے ساتھ ۶ نومبر سے ۱۱ نومبر تک وہاں پر گئے ہیں اور یحییٰ خان کی طرف سے پیکنگ میں بھیجے گئے ہیں تو اس وقت چین میں جو این لائی صاحب نے ان سے دو باتیں کہی تھیں کہ دیکھئے حالات ایسے ہیں، معروضی حالات کے پیش نظر آپ کوشش کریں کہ مشرقی پاکستان میں جنگ نہ ہو اور آپ کا ان کے ساتھ کوئی سیاسی صلح نامہ اور سیاسی سمجھوتہ ہو جائے۔ دوسری یہ کہ کچھ بھی ہو جائے آپ مغربی پاکستان میں بالکل جنگ نہ چھیڑیں۔ انہوں نے اپنے حالات بتلائے کہ چین آپ کو ہر قسم کی امداد دے سکتا ہے اور دے گا لیکن یہ کہ چینی فوجیں دنیا میں کہیں جا کر نہیں لڑتیں اور نہ وہ لڑیں گی۔ لیکن اس کا الٹا ہوا اور آتے ہی یہ کہا کہ چین نے یہ کہا ہے کہ فکر نہ کریں کہ اگر ہندوستان

نے مشرقی پاکستان پر حملہ کیا تو پھر " دمادم مست قلندر "۔ یہاں آکر بالکل غلط بیانی کی اور اپنی فوج کو ذلیل وخوار کیا۔ آخر وقت میں چین نے کوشش کی کہ کسی طرح تبت کے جنوب میں ایک ایئر پورٹ بنا کر وہاں پر سکم کے کاریڈور سے سپلائی لائن ڈھاکہ میں پہنچائی جائے لیکن ہمالہ پر اتنی برفباری تھی کہ وہ ایئر پورٹ جو تھی اس پر ہمارا بوئنگ ٹیسٹ فلائٹ میں سلپ کر گیا اور وہ ڈیمیج ہو گیا۔ پائیلٹ ہمارے بچ گئے۔ چین اس زمانے میں کچھ نہیں کر سکا لیکن وہ کوئی جنگ نہیں تھی۔ ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ ہندوستان ہمارے خلاف بار بار ہر چھ ماہ بعد دوستی کے دعوؤں کے باوجود ہماری طرف سے تمام کوششوں کے باوجود ہر سال ڈیڑھ سال کے بعد یہ سرد جنگ جاری رکھے گا۔ ہمیں اس کی پرواہ نہیں کرنی چاہیئے۔ اپنے آپ کو چوکس رکھنا چاہیئے قوم کو مضبوط کرنا چاہیئے مستحکم کرنا چاہیئے and we must learn to live with the enemy ہمیں یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ ہمارا مستقل دشمن ہے جس طرح ایران کے شمال میں روس صدیوں سے چلا آرہا ہے تو ایرانیوں کو پتہ ہے کہ روس سے ہماری دوستی نہیں ہو سکتی۔ لیکن ایرانیوں نے اس چیز کو اس سبق کو سیکھا ہے کہ روس کے ساتھ کس طرح رہنا ہے ترکی آج ایک چھوٹا سا ملک ہے وہ وہاں پر روس کے منہ میں ہے لیکن ترکی نے بھی دنیا میں سیکھا ہے کمال اتاترک کا جو ترکیہ ہے اس نے روس کے ساتھ کس طرح رہنا ہے۔ ہم نے اپنے وسائل کے ساتھ رہنا ہے ہمیں دنیا میں دوست بنا کر رہنا ہے کیونکہ کوئی ملک بھی آج تنہا اس دنیا میں نہیں رہ سکتا، نہیں جی سکتا۔ ہم نے اپنی ڈپلومیسی کے ذریعہ سے، دوستی کے ذریعہ، معاہدوں کے ذریعہ اپنے آپ کو مضبوط کرنا ہے۔ اس واسطے ایک تو خارجی پہلو اس کا یہ ہے کہ ہندوستان کو معروضی حالات بالکل اجازت نہیں دیتے۔ اگر ہندوستان جرأت بھی کرے گا یعنی جن لوگوں نے حملہ کرنا ہوتا ہے وہ ریڈ الرٹ دیتے ہیں۔ وہ تو شاستری کی طرح بارہ بجے رات کو لاہور پر حملہ نہیں کرتے اس سے ہمیں خوفزدہ ہونے کی کیا ضرورت ہے وہ کرتے رہیں۔ یہ سرد جنگ ہے یہ ہمیں demoralise

[Mr. Mumtaz Ahmad Khan]

کرنے کی کوششیں ہیں، ہوتی رہیں لیکن ہمیں اپنے آپ کو خود مستحکم کرنا چاہیئے اور یہ بات یاد رکھنی چاہیئے اور اپنے بچوں کو سمجھانی چاہیئے کہ ہندو کیا چیز ہے اور ہندو کے ساتھ ہماری کبھی دوستی نہیں ہو سکتی۔ ایک ہزار سال ہم یہاں پر اکٹھے رہے ہیں لیکن پھر علیحدہ ہوئے کہ ہم اکٹھے نہیں رہ سکتے۔ ہمیں وہ جذبہ پیدا کرنا چاہیئے۔

اب میں اندرونی حالات کی طرف آتا ہوں جب وقت سمرقند، بخارا اور وسطی ایشیا سے ہمارے عظیم مجاہدین کے لشکر قندھار اور غزنی سے ہندوستان میں وارد ہوتے تھے۔ اقبالؒ نے یاد دلایا:۔

اے آبِ رودِ گنگا وہ دن ہیں یاد تجھ کو
اترا تیرے کنارے جب کارواں ہمارا

جب گنگا اور جمنا کے کنارے پر ہمارے مجاہدین اس ظلمت کدہ ہند کی زمین پر اللہ اکبر کی صدائیں بلند کرتے تھے تو وہی جذبہ پیدا کرنے کی اب ضرورت ہے اسی سے آج قوم مستحکم ہو گی۔ پاکستان کوئی چھوٹا ملک نہیں ہے پاکستان دس کروڑ انسانوں کا ملک ہے وہاں تو ایک کروڑ سکھوں نے ان کی ایسی تیسی کی اور ان کو ناکوں چنے چبوا دیئے ہیں۔ وہ ہیں کیا؟ ہم دس کروڑ ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ہم تر نوالہ ہیں وہ ہمیں کھا جائیں گے؟ ہم یہاں پر بیٹھے ہوئے خواہ مخواہ پریشان ہوتے ہیں جو لوگ بھی سمجھدار ہوتے ہیں وہ بیٹھ کر سچوائشن کو دیکھتے ہیں کہ سیچوائشن کیا ہے اور وہ اس کا analysis کرتے ہیں۔ ۱۹۷۱ء میں انٹرنیشنل معروضی حالات یہ تھے کہ عالمی رائے عامہ پاکستان کے بالکل خلاف تھی۔ معروضی حالات سو فیصدی ہمارے خلاف تھے۔ بدقسمتی سے اس وقت جو حکومت ہم پر مسلط تھی اور یحییٰ خان کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہم پر جو عذاب نازل ہوا تھا اور پھر بھٹو کی صورت میں وہ عذاب ہم پر نازل رہا اس کا نتیجہ یہ تھا کہ آج بھی ہم میں اور حکومت میں یہ ایک کمزوری چلی آ رہی ہے اور جو debris قوم کے اوپر گرا تھا اسے ہم ابھی تک صاف نہیں کر سکے۔

آج ہم نظام اسلام کی باتیں کرتے ہیں یہ صحیح ہے کہ یہاں پر نظام اسلام لازمی رائج ہونا چاہیئے ، قائم ہونا چاہیئے ، نافذ ہونا چاہیئے کیونکہ یہ ملک اسلام کے نام پر بنا تھا ۔ لیکن ہمیں یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ اسلام سے ہماری کیا مراد ہے آج صورت حال یہ ہے کہ :

رگوں میں وہ لہو باقی نہیں ہے
وہ دل وہ آرزو باقی نہیں ہے
نماز و روزہ و قربانی و حج
سب باقی ہیں تو باقی نہیں ہے

یعنی وہ جذبہ وہ سپرٹ جو ایک آدمی کو مومن بناتا ہے وہ مفقود ہے اسی وجہ سے ملک میں انتشار ہے اور یہ افتراق اور یہ چیزیں کسی کو راستہ صحیح نظر نہیں آتا کہ ہم کدھر جائیں ہمیں چاہیئے کہ ہم یہاں پر اقبال کو نافذ کریں ، جگہ جگہ تعلیمی اداروں میں اقبال کی تعلیمات ہوں کیونکہ اقبال جو ہے وہ اردو زبان میں قرآن مجید کی تفسیر ہے اقبال جو ہے وہ حدیث کی تفسیر ہے اس کو نوجوانوں کے سینوں میں داخل کریں ان کے دل و دماغ میں اس کو داخل کریں اور وہ اس کو جذب کریں تو پھر وہ صحیح مومن بن کر ابھریں گے ۔ یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جب تک یہاں پر صحیح اسلامی اقتصادی نظام جو ہے ، صحیح اسلامی معاشی نظام جو ہے جس سے عام آدمی کو اطمینان اور سکون حاصل ہو اس کی غربت اور اس کے دوسرے مسائل حل ہوں جب تک یہاں پر رائج اور نافذ نہیں کر سکیں گے اسلام کے اصولوں کے مطابق فلاحی مملکت نہیں بن سکتی ۔ یعنی سویڈن تو فلاحی مملکت بنا سکتا ہے ڈنمارک میں فلاحی مملکت ہو سکتی ہے ۔ الجیریا نے کمال کیا ہے ۔ الجیریا نے اسلامی فلاحی مملکت قائم کی ہے ۔ ہم ابھی تک یہاں اسلامی فلاحی مملکت قائم نہیں کر سکے ۔ جب تک ہم پاکستان میں اسلامی اخلاقی فلاحی مملکت قائم نہیں کر سکیں گے اس وقت تک اسلام کا صحیح خواب جو ہے وہ شرمندۂ تعبیر نہیں ہو سکتا کیونکہ اسلام صرف rituals کا

[Mr. Mumtaz Ahmad Khan]

نام نہیں ہے۔ زندگی کے ہر شعبے میں قدم قدم پر اسلام سے واسطہ پڑتا ہے۔ ہم بطور انسان کے بطور بھائی کے بطور ایک شہری کے، بطور ایک خاوند کے، بطور ایک باپ کے بطور ایک ہمسائے کے، بطور ایک کاروبار میں شراکت دار کے ہمارا کیا رویہ ہونا چاہیئے۔

سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس ملک میں جتنے پاکستان کے دشمن لوگ ہیں ان کے خلاف بڑے سخت اقدامات کئے جائیں۔ بدقسمتی سے یہ پہلا ملک ہے جس میں لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کو توڑ دیں گے۔ لوگ پاکستان مردہ باد کے نعرے لگاتے ہیں لوگ پاکستان میں believe نہیں کرتے، کہتے ہیں کہ یہ ہمارا ملک نہیں ہے۔ جی ایم سید کو ادھر دیکھو، عبدالولی خان اور عبدالغفار کو ادھر دیکھو اور حکومت ان کے خلاف ٹس سے مس نہیں ہوتی۔ حالانکہ یہ باتیں کرنا cessationism اور treason ہے اور یہ ملک سے غداری ہے اور غداری کی سزا جو ہے وہ ہم سب کو معلوم ہے کہ وہ کیا ہے لیکن اگر حکومت نرمی برتے گی تو اس کے متعلق واضح ہے۔

عفو بیجا سردئ خون حیات
سکتۂ در بیت موزوں حیات

ایسی ایک معافی جو بیجا ہے، غلط جگہ معافی ہے وہ انسان کے اپنے خون کی سردی کی نشانی ہے کہ آدمی مرگیا ہے۔ یعنی اگر آپ ایسے غلط آدمیوں کو معاف کریں گے leniency دکھائیں گے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ وفادار شہریوں پر ظلم کر رہے ہیں " عفو بیجا سردی خون حیات "، اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ ان دونوں کے خلاف شدید ایکشن لیا جائے۔ جی ایم سید ہو، عبدالغفار خان ہو، عبدالولی خان ہو، حفیظ پیرزادہ ہو cessationism کے خلاف cessation amounts to treason اور

ابرھام لنکن نے سو سال پہلے جنگ لڑی جنوبی امریکہ کی ریاستوں کے خلاف کہ میں تمہیں secede نہیں ہونے دوں گا۔ جنگ لڑی اور جنگ جیتی اور امریکہ کی تاریخ میں سب سے بڑا صدر کہلایا۔ the greatest President of America— Abraham Lincon.

کیونکہ cessation اس نے ہونے ہی نہیں دیا تھا تو ہماری حکومت کہاں سوئی ہوئی ہے یہ چیزیں دیکھتی نہیں ہے یہ چیزیں ہو رہی ہیں اور اسی وجہ سے اور لوگوں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ اگر انہیں کچھ نہیں کہا جا رہا تو ہم بھی اس ریس میں شامل ہو جائیں۔ ہمیں بھی کچھ فوائد حاصل ہوں گے اس واسطے لازمی ہے کہ جو لوگ پاکستان کے خلاف بات کریں ان کو غداری کی سزا دی جائے کہ یہ صریحاً غداری ہے اور دوسرا میں مختصراً عرض کروں گا کہ نفاذ اسلام کے لئے بہت ضروری ہے کہ یہاں پر آپ پرائس کنٹرول کریں لوگوں کو مصیبتوں سے نجات دلائیں۔ یہاں انصاف کی بات کریں اور ان کی زندگی میں اطمینان اور سکون ہو اس کے بغیر شریعت یا طریقت یا تصوف، "کلام بتاں آزری کے پجاری تمام"۔ اس سے کوئی چیز حاصل نہیں ہوگی۔ آپ کتنے ہی شریعت بل پاس کریں۔ اگر آپ ایک پاکستانی کو اس کے بنیادی، معاشی اور اخلاقی اور اقتصادی حقوق اس ملک میں نہیں دیتے تو شریعت بل ان کی کوئی امداد نہیں کر سکے گا پس آخر میں، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں حکومت سے بھی اور اپنے بھائیوں سے بھی کہ اپنے آپ میں ایک جذبہ پیدا کریں اور حالات کا صحیح تجزیہ کریں۔

دل بیدار فاروقی دل بیدار کراری
مس آدم کے حق میں کیمیا ہے دل کی بیداری
دل بیدار پیدا کر کہ دل خوابیدہ ہے جب تک
نہ تیری ضرب ہے کاری نہ میری ضرب ہے کاری

شکریہ!

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ! جناب قاضی عبداللطیف صاحب .... (تشریف نہیں رکھتے ہیں) جناب نوابزادہ شیخ عمر خان صاحب۔ (نہیں ہیں) جی جناب چودھری طارق صاحب

جناب محمد طارق چودھری: نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔
جناب چیئرمین! تمام مقررین نے اپنی تقریر شروع کرنے سے پہلے وزیر اعظم کی

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

joint session کی تقریر کا حوالہ دیا اور اس کی بڑی ستائش کی میں نے بھی وہ تقریر سنی اور وزیر اعظم کی وہ تقریر اس موضوع پر ہونے والی دنیا کی کسی بھی تقریر سے مایوس کن تقریر تھی ۔ اس لئے کہ اس تقریر میں جو کچھ کہا گیا اس سے کہیں زیادہ تمام ممبران پارلیمنٹ کو پہلے سے معلوم تھا رہ گئی low tone کی بات تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ انہوں نے تقریر زور سے کی یا دھیمے لہجے میں کی ۔ ہمیں وہ بات نہیں کہنا چاہیئے جو بات کسی آدمی کے اندر نہیں ہے ٹھیک ہے نہ وزیر اعظم آغا شورش کاشمیری تھے نہ وہ اتنے اچھے مقرر ہیں ظاہر ہے کہ ان کو تقریر پر کوئی کمانڈ نہیں ہے تو یہ کہنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے کہ ٹون یوں ہوگئی تھی یا یوں ہوگئی تھی ۔ بھائی ٹھیک ہے ہمیں حقیقت پسندی سے کام لینا چاہیئے اور جو بات سچ ہے جس طرح ہے کہہ دینی چاہیئے تاکہ وہ اپنی کمزوریوں پر ، اپنی خامیوں پر یا جو کچھ ان میں نہیں ہے اس پر وہ قابو پا سکے یعنی ایسے sensitive issues پہ جو تقریر ہونی چاہیئے تھی وہ نہیں تھی اور اس پر بدقسمتی یہ کہ انہوں نے تقریر کی تیاری بھی نہیں کی تھی ان کو تیاری کر کے آنا چاہیئے تھا اور یہ بات اس کے دوست ممبروں کو کہہ دینی چاہیئے تاکہ وزیر اعظم اور ہمارے جو حکمران ہیں وہ اپنی ان کمزوریوں کو جان لیں ۔ بہرحال یہ تو میں نے برسبیل تذکرہ کہہ دیا ۔

جناب چیئرمین ! قائد اعظم محمد علی جناح رح کا ارشاد ہے کہ پاکستان کی سرحدوں کی طرف اگر کوئی دشمن بڑھے گا تو ہم دائیں بائیں آگے پیچھے اس کے خلاف لڑیں گے تاوقتیکہ ہم اسے فنا کے گھاٹ نہ اتار دیں یا وہ ہمیں اٹھا کے بحیرۂ عرب میں نہ پھینک دے جناب عالی ! پاکستان ہمیں اپنے باپ کی طرح محترم ہے ، اپنے بیٹے کی طرح عزیز ہے اپنے محبوب کی طرح پیارا ہے اس کی آزادی ، سالمیت اور تحفظ کے لئے ہم اپنی حکومت کا پورا پورا ساتھ دیں گے ۔ جب بھی وقت آئے گا ہم اپوزیشن اور حکومت کی تقسیم و تفریق کئے بغیر ایک لمحہ لحظہ کے لئے بھی تامل نہیں کریں گے کہ ہمارا حکمران کون ہے کیونکہ سب سے پہلے ہم اپنی آزادی اور اپنے ملک کے تحفظ کو اولیت دیتے ہیں اور ہمیں اولیت دینی چاہیئے ۔ حضرت علی رضؓ کی سنت کے مطابق میں یہ بات دہراؤں گا کہ جب حضرت امیر معاویہ رضؓ اور حضرت علی رضؓ کے درمیان

ایک تنازعہ اٹھ کھڑا ہوا تھا تب قیصر روم نے حضرت علی رضؓ کو پیغام بھیجا تھا کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں تب حضرت علی رضؓ نے اسے جواب دیا کہ اگر تم نے مسلم ریاست کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھا تو میں امیر معاویہ رضؓ کی فوج میں ایک معمولی سپاہی کی حیثیت سے لڑوں گا۔ ہمارے درمیان تمہارے خلاف اتحاد ہیں اختلاف نہیں ہے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پارلیمنٹ کے اندر کی اپوزیشن حکومت کے ساتھ پورا تعاون اور مدد کرے گی اور ہندوستان کی افواج یا ہندوستان کے حکمران کسی طرح کی غلط فہمی میں مبتلا نہ رہیں۔

اس کے بعد میں یہ چاہوں گا کہ اپنے نقطہ نظر سے پاکستان کے بارڈرز کی صورت حال پر اظہار خیال کروں۔ پاکستان کی افواج، ہندوستانی افواج کے جواب میں بارڈرز پر موجود ہیں یہ تنازعہ یکایک ایک دن میں شروع نہیں ہو گیا۔ یہ صدیوں پرانی داستان ہے مسلمان اور ہندو نفسیاتی اور تاریخی طور پر، اقتصادی طور پر ہر اعتبار سے دو متحارب اور متصادم قومیں ہیں اور انہیں آپس میں متحارب اور متصادم رہنا ہے یہ ہو سکتا ہے کہ وقتی طور پر طاقت کا توازن، بین الاقوامی رشتے معاہدوں کی مجبوریاں ایک دوسرے کے درمیان دیوار بن جائیں لیکن اس دیوار کے دونوں طرف دو دشمن قومیں بستی ہیں۔ ہمیں اس بات کا اقرار کر لینا چاہیئے اور ہمیں یہ سوچ لینا چاہیئے کہ جس دن بھی ایک لمحہ کے لئے طاقت کا توازن بگڑے گا اس دن ہندوستان بلا جھجک پاکستان پر چڑھ دوڑے گا۔ ہمیں بہر صورت طاقت کا توازن برقرار و قائم رکھنا ہے ہر صورت میں قائم رکھنا ہے بلکہ طاقت کے توازن کو اپنے حق میں کرنا ہے اور یہ ہماری اولین ترجیح ہونی چاہیئے آج کی صورت حال یہ ہے کہ پاکستان کے پاس ساڑھے چار لاکھ افواج ہیں اور اس کے جواب میں ہندوستان کے پاس اس سے تگنی اور ایئر فورس میں ایک با پانچ کی نسبت ہے اور نیوی میں ایک اور بارہ کی نسبت غالباً بنتی ہے لیکن سرحدی صورت حال یہ ہے کہ ہمارا کشمیر کا جو بارڈر ہے اس میں تمام جنگوں میں پاکستان کو برتری حاصل رہی ہے اور اس وجہ سے ہمارا اور ہماری افواج کا نفسیاتی طور پر مورال اب بھی پہلے کی طرح بہتر ہو گا اگرچہ سیاچن گلیشیر کی وجہ سے

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

وہاں پر ہندوستان کو تھوڑی برتری حاصل ہونے کی وجہ سے اس کی افواج کا سوال بھی نسبتاً اپ ہوگا لیکن اب بھی کشمیر کے محاذ پر انشاءاللہ پاکستان کو برتری حاصل رہے گی رہ گیا سنٹرل پنجاب۔ تو سنٹرل پنجاب میں سکھوں کی گڑبڑ اور پاکستان کی طرف قدرتی رکاوٹوں کے باعث ہندوستان کے لئے اتنا آسان نہیں کہ وہ چڑھ دوڑے اور روندتا ہوا ہمارے اوپر آ جائے ان حالات میں ہمارا سب سے sensitive border سلیمانکی سے لے کر بہاول نگر فورٹ عباس سے ہوتا ہوا صادق آباد تک ہے کیونکہ اس علاقے میں ایک طرف تو اسے سکھوں کا threat موجود نہیں ہے دوسری طرف پاکستان کی طرف قدرتی رکاوٹیں بھی نہ ہونے کے برابر ہیں تیسرا یہ کہ ہندوستان نے اپنا کمیونیکیشن سسٹم پہلے سے بہت بہتر بنا لیا ہے اور چوتھا یہ کہ وہاں سے صادق آباد کے قریب ہماری واحد ریلوے لائن اور سڑک ہندوستان سے صرف اٹھارہ میل کے فاصلے پر ہے اور سویڈن کی جدید گنیں اس کو توڑ دینے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ یہ ہمارے لئے خطرے کی گھنٹی اور سوچنے کا مقام ہے اور یہ ہمارے لئے بہت ہی اہم اور حساس مسئلہ ہے وہاں کا تحفظ ضروری ہے۔ اس سے آگے چلئے سندھ میں۔ تو سندھ میں اگرچہ موجودہ حکومت کی نامناسب تدابیر کے سبب بہت گڑبڑ پیدا ہو چکی ہے اور غالباً یہی وہ گڑبڑ ہے جس نے یہ ساری صورت حال پیدا کی ہے۔ اس پر میں بعد میں آؤں گا۔ تاہم سندھی بارڈر پر low land اور چھپنے کی جگہ نہ ہونے کی وجہ سے اور بہت اچھا کمیونیکیشن سسٹم نہ ہونے کی وجہ سے ہندوستان کے لئے تیزی کے ساتھ آگے بڑھنا اور حملہ آور ہونا آسان نہیں ہوگا۔ اگرچہ اس کے پاس ٹریک وہیکلز کافی ہیں اور track vehicles ہونے کی وجہ سے وہ ایڈوانس کر سکتا ہے۔ اور بہت بڑا ایریا جو ہے وہاں پر وہ جال وغیرہ ڈال کر ایک آدھ میل ایڈوانس کر سکتا ہے۔ لیکن پیچھے سے سپلائی لائن برقرار رکھنا ایک تو آسان نہیں ہوگا۔ دوسرا چھپنے کی جگہ نہ ہونے کی وجہ سے ان کے ٹینک اور ان کی گاڑیاں بالکل بیٹھی بطخوں کی طرح ہوں گی جسے ہماری ایئر فورس آسانی کے ساتھ شکار کر سکتی ہے۔ یہ سچوایشن ہمارے بارڈرز کی بنتی ہے۔

اب رہ گئی افواج کی صورت حال۔ افواج کے تین حصے ہیں۔ ایک ہے عام سپاہی دوسرا مڈل کمانڈ اور تیسرا ہمارا ہائی کمانڈ۔ ہمارا عام سپاہی ہندوستان کے عام سپاہی کے مقابلے میں یقیناً بہتر تربیت یافتہ ہے۔ یقیناً بہادر ہے یقیناً جری ہے اور موت سے نہ ڈرنے والا ہے اس لئے ہمارے عام سپاہی کو ہر صورت میں ہندوستان کے عام سپاہی پر برتری حاصل ہے اور یقیناً ہمارا عام سپاہی ایک اور تین یا ایک اور پانچ کے تناسب پر لڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے ہماری مڈل کمانڈ زیادہ پرجوش زیادہ تربیت یافتہ زیادہ جوان زیادہ آرگنائزڈ ہے۔ اور پچھلی جنگوں میں یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ دنیا میں آفیسرز کی جو جنگوں میں casualty کی جو ریشو ہے وہ پاکستان کے ینگ آفیسرز کی ہائیسٹ ہے۔ اس لئے کہ ہمارا نوجوان آفیسر محض احکامات جاری نہیں کرتا بلکہ بندوق لے کر میدان میں خود لڑنے کی صلاحیت رکھتا ہے اس کے بعد ہمارا تیسرا حصہ ہے ہائر کمانڈ۔ یہاں پر ہمیں ہندوستان کے مقابلے میں اس طرح برتری حاصل نہیں ہے جس طرح پیچھے ہمیں برتری حاصل ہے اس کی دو reasons ہیں ایک وجہ یہ ہے کہ ہماری ہائر کمانڈ کو پریشر میں رہنا پڑتا ہے۔ اس پر پریشر یہ ہے کہ وہ ایک انچ اپنے بارڈر سے پیچھے نہیں ہٹ سکتے۔ یعنی ان کے پاس strategically بھی پیچھے ہٹنے کی جگہ اور گنجائش ہی نہیں ہے۔ کیونکہ اگر وہ تھوڑا سا بھی پیچھے ہٹیں اور جس بارڈر سے بھی پیچھے ہٹیں تو ہمارے بہت اہم اور sensitive حصے جاتے رہتے ہیں۔ اس لئے اسے پریشر میں رہنا پڑتا ہے اسے اسی بارڈر پر جہاں وہ موجود ہے وہیں سے آگے بڑھنا ہوتا ہے۔ وہ پریشر میں لڑتے ہیں ایک تو یہ وجہ ہے۔ دوسری وجہ ہماری سیاسی وجوہات ہیں۔ یعنی انگریز جو چھلنی چھوڑ گیا تھا جس چھلنی سے گزر کر ہندوستان کا جنرل بنتا ہے اسی چھلنی سے ہمارا جنرل بنتا ہے اور وہاں پر جمہوریت مستحکم ہو جانے کے سبب نہ تو جرنیل کی نظر ایکسٹینشن پر ہے نہ پلاٹ پر ہے نہ کوٹھیوں پر ہے نہ لمبی کاروں پر ہے اس لئے کہ کوئی دوسرا اس کو کمانڈ کر رہا ہوتا ہے لیکن ہمارے یہاں بدقسمتی سے مارشل لا کی ریت سے اوپر کے جرنیلوں نے یہ ساری گڑبڑ پیدا کر لی اور آج بھی یہ سب سے خطرناک مسئلہ ہے۔ لہٰذا میں یہ دانشگاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں اگرچہ بارڈر کی صورت حال بہتر نہیں ہے لیکن مارچ میں ختم ہونے والی extensions کے بعد کسی جرنیل کو ایک گھنٹے کے لئے بھی اپنی پوسٹ پر بیٹھے نہ رہنے دیا جائے ہماری افواج میں ان سے نیچے آفیسرز زیادہ competent ان سے زیادہ بہادر ان سے زیادہ سمجھدار اور ان سے زیادہ صورت حال کو اپنے قابو میں رکھنے والے ہیں۔ جو آدمی ریٹائرمنٹ

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

کی عمر کو پہنچ چکا ہے ہمیں اسے ایک منٹ کے لئے بھی اپنے اوپر مسلط نہیں رکھنا چاہیئے اس سے ہماری فوج کا مورال تباہ ہو رہا ہے۔

یہ تو تھی ہماری فوجی صورتِ حال۔ اب جنگ تنہا فوج نہیں لڑتی اس میں نہ پورا ملک اور نہ پورے ملک کے عوام بلکہ آج بین الاقوامی دنیا تک پوری دنیا ایک جنگ لڑتی ہے کسی نہ کسی طرح دنیا کا ہر فرد اس جنگ میں شامل اور شریک رہتا ہے ہمیں سب سے پہلے اپنے اندرونی محاذ پر توجہ دینی چاہیئے اندرونی محاذ پر توجہ سے میری مراد یہ ہے کہ پاکستان میں اقتدار کا پچھلا دروازہ بند کر دیا جائے۔ اس کو اینٹوں اور پتھروں سے سیل کر دیا جائے۔ اقتدار کے پچھلے دروازے نے یہاں پر غیر مقبول حکومتیں اتنی بنائی ہیں کہ جب بھی لوگ ووٹ دے کر کسی آدمی کو منتخب کرتے ہیں تو کم سے کم اس آدمی پر ملکی دفاع، تحفظ کے بارے میں کسی قسم کا شک نہیں کر سکتے۔ لیکن سازشوں کے ذریعے آنے والوں پر ہم شک کر سکتے ہیں۔ اس لئے کہ پاکستان میں دو گورنر جنرل اور ایک وزیر اعظم اپنی موت تک برطانوی انٹیلی جنس کی Pay Roll پر رہے۔ یہ انکشاف نہیں ہے اب یہ بڑی اوپن بات ہے۔ یعنی مرنے تک وہ دو گورنر جنرل اور ایک وزیر اعظم برطانوی انٹیلی جنس کی Pay Roll پر بیٹھے رہے۔ تو اب بھی جو لوگ پچھلے دروازے سے آجاتے ہیں ہمیں کیسے پتہ چلے گا کہ ان میں کوئی برطانیہ کوئی امریکہ کوئی روس یا ہندوستان کی Pay roll پر نہیں ہے۔ عوام کسی آدمی کو اس طرح منتخب نہیں کرتے۔ مثلاً آپ دیکھ لیجیئے۔ آج کے حکمرانوں سے لیکر آپ چلیئے پیچھے، کیا گورنر جنرل غلام محمد پاکستان کے کسی بھی حلقہ انتخاب سے ایک ہزار ووٹ لے کر بھی آسکتا تھا؟ سکندر مرزا کہیں سے بھی منتخب ہو کر آسکتا تھا۔ اور اسی طرح محمد علی بوگرہ اور بعض دوسرے لوگ ہیں۔ یعنی پاکستانی عوام ان پڑھ ہیں اور ہمارے حکمران اور دانشور طبقہ ان پر الزام بھی لگاتے ہیں کہ ان پڑھ لوگوں کے ذریعے جمہوریت کہاں سے آئے گی لیکن وہ اتنے ان پڑھ نہیں ہیں وہ اپنے حقوق اور مفادات کو پوری طرح سمجھتے ہیں۔ اور پاکستان میں کبھی کوئی برطانوی انٹیلی جنس Pay Roll کا آدمی ان کے ذریعے منتخب ہو کر نہیں آسکتا۔ اس لئے سب سے پہلے یہاں پر جمہوریت کا مستحکم کیا جانا ضروری ہے۔ تیسری چیز یہ ہے کہ ہم جو اسمبلیوں یا پارلیمنٹ میں بیٹھے ہیں ہماری جو حکومت ہے فی الواقع ہمیں یہ بات تسلیم کرنی چاہیئے کہ ان پارلیمنٹس میں ہماری اے کلاس لیڈر شپ موجود نہیں ہے۔

اور مسلم لیگ کی حکومت mandatory حکومت نہیں ہے۔ اس لئے کہ ہم نے جو مینڈیٹ لیا تھا وہ پارٹیوں کے خلاف لیا تھا، پارٹیوں کے حق میں نہیں بلکہ کسی پارٹی کے حق میں بھی نہیں۔ اگر پارٹیوں کے حق میں لیا جاتا تو میں یہ پوری ذمہ داری سے کہتا ہوں، مخالف ہونے کے باوجود کہتا ہوں، کہ اُن حالات میں پیپلز پارٹی کی حکومت ہوتی، اور مسلم لیگ جو ہے یہ شاید پانچویں اور چھٹے نمبر پر بھی موجود نہ ہوتی اس لئے یہ چیٹنگ کے ذریعے سے حکومت ہے یہ مارشل لاء کے ذریعے سے حکومت ہے۔ یہ سازش کے ذریعے سے حکومت ہے اور اس طرح کی حکومتیں جو ہیں وہ بین الاقوامی threats کا مقابلہ نہیں کیا کرتیں اور نہیں کر سکتیں۔ اس لئے کہ ان کے پیچھے پاپولر سپورٹ موجود نہیں ہوتی۔

آج سے دو مہینے پہلے جب ہندوستان نے اپنی یہ مشقیں شروع کی تھیں جن کی وجہ سے آج یہ صورتِ حال پیدا ہوئی ہے، پھر پاکستان کے بروقت اقدام نے، امریکہ کے سگنل نے، روس کے اشارے نے، ہندوستان کو مجبور کیا کہ وہ پہلے داخلہ سیکرٹریوں کے، پھر خارجہ سیکرٹریوں کے مذاکرات کا دروازہ کھولے اور اس کے بعد جب کمانڈروں کی سطح پر مذاکرات ہوئے تو یہ بات طے ہو گئی کہ ہندوستان اپنی ایشیا کی سب سے بڑی مشقوں کو شرقاً غرباً کی بجائے، شمالاً، جنوباً کرے گا تاکہ کسی طرح کا خطرہ یا تھریٹ پاکستان کے لئے موجود نہ رہے۔ اب پاکستانی فوجیں اپنی مشقوں سے واپس آ رہی تھیں اور ہندوستانی فوجیں تقریباً اپنی مشقیں ختم کر رہی تھیں تو پھر یکایک یہ صورتِ حال اس لئے پیدا ہو گئی کہ ادھر جو چیز ہمیں سہارا دیتی ہے سکھوں کا مسئلہ، اسی طرح کی صورتِ حال سندھ میں پیدا کر دی گئی، پیدا ہو نہیں گئی، دانستہ پیدا کر دی گئی اور بات بہت دور چلی جاتی ہے لیکن مثال یہ ہے۔ یہ ایک مثال ہے اس لئے میں کہہ رہا ہوں کہ کنویں میں سے کتا نہیں نکالا گیا ہے بلکہ ہم پانی نکالتے جا رہے ہیں۔ سندھ کی صورتِ حال خراب کرنے والے لوگ وہاں پر اسی طرح موجود ہیں اور سندھ کی اس خراب صورتِ حال نے واپس جاتی ہوئی فوجوں کو پھر سرحدوں کی طرف بلایا ہے اور ہندوستان نے چین سے ملحقہ اپنے بارڈرز سے اپنے troops withdraw کئے۔ تب پاکستان کو خطرے کا احساس ہوا، تب اس کا ماتھا ٹھنکا، ہم اپنی افواج کو افغانستان کی سرحدوں سے withdraw نہیں کر سکتے جو ہم ہمیشہ کر لیا کرتے ہیں۔ چین کی سرحدوں سے ہندوستان اپنی فوجیں موسم سرما ہونے کی وجہ سے واپس بلا سکتا ہے اور پھر یہ ٹروپس specialised troops ہیں سردیوں کے موسم میں لڑ سکتے ہیں، اس لئے ان troops کے آ جانے کی وجہ سے ہمیں کشمیر کے بارڈرز پر بھی خطرہ ہے۔ یہ

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

صورت حال سندھ کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔ چونکہ یہ ہمارا داخلی محاذ ہے اور داخلی محاذ کو درست کرنے کے لئے ضروری ہے کہ کسی بھی سیاسی پارٹی کو باہر رکھے بغیر منصفانہ انتخابات کروا دیئے جائیں اور جو آدمی اس حکومت کا مستحق ہو، اس کے سپرد حکومت کر دی جائے اگر فوری طور پر ہم یہ قدم نہیں اٹھا سکتے تو کم از کم سندھ کی اسمبلی توڑ دی جائے اور وہاں نئے سرے سے صوبائی انتخابات کروائے جائیں، کیونکہ وہاں پر امن و امان کی صورت حال اس قدر خستہ ہے، اس قدر خراب ہے اور اس قدر بری ہے کہ اس کو درست کرنے کا اور کوئی طریقہ سمجھ میں نہیں آتا۔

جناب قائم مقام چیئرمین :- حاجی اکرم سلطان !

**Haji Akram Sultan**: Mr. Chairman, the learned Senator is talking about provincial government of Sind of which I belong too and I think substantial discussion and debate has been made and that province is now peaceful and I request that in his speech he would kindly not give such statements which would unnecessarily jolt the feelings of the Sindhis. Thank you Mr. Chairman.

جناب قائم مقام چیئرمین :- شکریہ، یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری :- جناب میں اپنے معزز سینیٹر کو..... (مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین :- چوہدری صاحب، آپ اس بات کو چھوڑیں، آپ اپنی تقریر جاری رکھیں اور اس بات کا خیال رکھیں کہ آج وزیر صاحب نے بھی وائنڈ اپ کرنا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آج یہ مسئلہ ختم ہو جائے۔

جناب محمد طارق چوہدری :- یہ کوئی بات نہیں ہے جناب، اجلاس بارہ، ایک بجے تک بھی چل سکتا ہے۔

جناب قائم مقام چیئرمین :- مجھے تو کوئی اعتراض نہیں ہے، خواہ دو بجے رات تک اجلاس جاری رکھیں۔ لیکن میرا خیال ہے کہ شاید تقریر کے بعد آپ بھی چلے جائیں گے کیونکہ جو جو اصحاب تقاریر کر چکے ہیں، وہ چلے گئے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری :- جناب میں بیٹھا رہوں گا، بارہ بجے تک۔

جناب قائم مقام چیئرمین :- جی، جناب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں۔

جناب محمد طارق چوہدری :- اس کے بعد ہے جناب ہمارا خارجی محاذ، یعنی ہمارے خارجہ تعلقات ہیں، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پاکستان کی فوج دنیا کی دو یا تین، بہترین فوجوں میں سے ایک ہے

اور وقت آنے پر وہ انشاءاللہ اپنے ملک کا دفاع کر لے گی اور پاکستانی قوم اپنے مفادات کو سمجھتی ہے اور اپنے اختلافات کے باوجود جب بھی کبھی جنگ کے شعلے بھڑکے تو اس نے اپنے اختلافات کو پس پشت ڈالا اور وہ فوج کے پیچھے آ کھڑی ہوئی اور اب بھی ہم پوری توقع رکھتے ہیں کہ آئندہ بھی اگر کوئی ایسی صورتِ حال رونما ہوئی تو ایسا ہی ہوگا لیکن ہمارا سب سے کمزور پہلو، ہمارا خارجی محاذ ہے۔ پاکستان میں جتنے بھی ادارے ہیں، ان میں فوج کے بعد ہمارا دفتر خارجہ اور ہمارے دفتر خارجہ کے جو ملازمین ہیں، وہ مقابلتاً زیادہ ذمہ دار، زیادہ sensitive اور زیادہ پڑھے لکھے ہیں لیکن پھر بھی ہمارا، خارجی محاذ، ہماری توقع کے مطابق نہیں ہے۔

جناب والا ۱۹۶۵ء کی جنگ، ۱۹۷۱ء کی جنگ، اور آج کا زمانہ پیشِ نظر رہے ہمارے خارجہ تعلقات پہلے سے کمزور سے کمزور تر ہوتے چلے گئے ہیں۔ امریکہ افغانستان کی صورتِ حال کی وجہ سے ہمارا حلیف ہے حلیف بنا ہوا ہے، لیکن ہندوستان کے ساتھ اگر ہم بھڑ گئے، جھڑپ ہو گئی تو نہ صرف امریکہ ہمارا ساتھ نہیں دے گا بلکہ جب تک یہ جنگ کی صورتِ حال موجود رہے گی اس وقت تک، پہلے سے موجود جو ہمارا معاہدہ package deal بھی وہ معطل کر دے گا۔ یعنی امریکہ ایک ایسا محبوب ہے جو ہمیشہ سے کہہ کر چلا جاتا ہے۔ مجھے بہرحال پورا شعر یاد نہیں،

آ کے کہہ جائیں گے آخر پھر نہیں آتے کی رات

تو وہ یہ کہہ کر چلے جانے والا محبوب ہے روس افغانستان کی وجہ سے ہمارا حریف بنا بیٹھا ہے، اور یہ غیر منطقی اور غیر قدرتی بات ہے، روس کے ساتھ ہمیں اپنے تعلقات کو بہتر بنانا چاہیئے اور جنیوا مذاکرات کی کامیابی کے لئے ہمیں ہر صورت میں یہ کوشش کرنی چاہیئے۔ اگر روسی ٹائم ٹیبل قابلِ قبول ہو اور یہ اگر برس ڈیڑھ برس پر بھی محیط ہو جائے تو تب ہمیں اس چیز کو مان کر روس کو افغانستان سے نکل جانے کا موقع فراہم کرنا چاہیئے۔ اس لئے کہ روس ہمارا قدرتی حریف نہیں بنتا ہے، جس طرح چینی کمیونزم سے ہمیں کوئی خطرہ نہیں ہے اسی طرح روسی کمیونزم بھی پہلے کی طرح متشدد نہیں رہ گیا۔ روس خود لبرل ازم کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اس کا بھاری بھرکم کمیونسٹ وجود خود اپنی چیونٹیوں کی زد میں ہے۔ ایران کا انقلاب، افغانستان کی اسلام پسندی سے، وہ اتنا خوفزدہ ہوا کہ اس نے اپنا ہاتھ اس چھتے میں ڈال دیا جس کی بھڑیں بہت زہریلی تھیں اور اب وہ اپنے ہاتھ کو واپس کھینچنا چاہتا ہے۔ اس لئے اسے موقع دیجیئے۔ کیونکہ روس کو یہ بات کبھی 'وارا' نہیں کھاتی ہے کہ چین جیسے بڑے ملک کے بعد ہندوستان ایک سپر پاور بن کر اس کے دروازے تک

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

پہنچ جائے۔ روس کے لئے پاکستان کا وجود اس کے اپنے مفاد میں ہے، مضبوط پاکستان، توانا پاکستان، ہندوستان کے راستے کو روک لینے والا پاکستان خود روس کے مفاد میں ہے اور یہ بات ہمیں روسیوں کو سمجھانی چاہیئے، انہیں باور کروانی چاہیئے اس لئے کہ روس ہمارے دروازے پر بیٹھا ہے اور امریکہ ہم سے بہت دور ہے، امریکہ کے اپنے مفادات ہیں اور امریکہ ایک مضبوط طاقت ور ہندوستان چاہتا ہے اس کو پاکستان کے وجود سے کوئی دلچسپی نہیں ہے، وقتی مصلحتیں، وقتی مجبوریاں وقتی ضرورتیں اسے ہمارے قریب لے آتی ہیں اور پھر پیچھے لے جاتی ہیں، اس لئے روس کے ساتھ ہمارے تعلقات جو ہیں وہ بہتر ہونے چاہئیں۔

دوسری بات ہے ایران، ایران ہماری پشت پر ہے اور پہلی جنگوں میں ترکی کے بعد ایران وہ ملک ہے جس نے ہماری عملی مدد کی اور اس کی عملی مدد کے سبب ..... (مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین:- چوہدری صاحب میں آپ سے گزارش کروں گا کہ خارجہ پالیسی پر بھی کسی دن بحث کا موقع آجائے گا اس لئے تھوڑا سا اپنے آپ کو اصل موضوع کی طرف محدود کریں کہ باقی دس بارہ حضرات کو بھی موقع مل سکے۔

جناب محمد طارق چوہدری:- جناب والا! میں اصل موضوع سے ایک منٹ کے لئے بھی نہیں ہٹا ہوں اور میں کوشش کروں گا کہ اصل موضوع تک ہی رہوں تو میں عرض کر رہا تھا کہ ایران کے ساتھ ہمارے تعلقات درست ہونے چاہئیں اور ان عربوں کی وجہ سے جو پاکستان کے خلاف ادھار کھائے بیٹھے ہیں، میں سعودی عرب کی بات نہیں کر رہا ہوں بعض اور عرب ملکوں کی بات کر رہا ہوں عربوں نے کبھی ہماری عملی مدد نہیں کی، سعودی عرب کے سوا، اور سعودی عرب کی جو پوزیشن ہے وہ آپ کے سامنے ہے وہ ہم سے بہت کوسوں دور ہے، لیکن ایران ہمارا ہمسایہ ہے اور ایران کے ساتھ ہمارے تعلقات ہیں توازن اور اس طرح کی باتیں نہ کریں، بلکہ ایران کی کھل کر مدد کریں اور ایران کی کھل کر حمایت کریں اس لئے کہ ایران کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے، ایران کے ساتھ ظلم ہوا ہے اور ایران جو انقلاب کے دور سے گزر رہا تھا اس کے اوپر حملہ کروایا گیا تو یہ کوئی غیر جانبداری نہیں ہے، ہمیں انصاف کو سامنے رکھنا چاہیئے اور ایران کے ساتھ ہمارے تعلقات جو ہیں وہ ٹھیک ہونے چاہئیں اس کے بعد ترکی ہے، ترکی پہلے سے ہمارا اچھا دوست ہے لیکن اس کے ساتھ ہمیں کوئی نہ کوئی معاہدہ، کوئی نہ کوئی پیکٹ کرنا چاہیئے اور انڈونیشیا اور ملائیشیا اور

بنگلہ دیش سے بھی ہمارے تعلقات جو ہیں وہ سرد مہری کا شکار رہیں انہیں بھی تیز تر اور توانا بنانے کی ضرورت ہے ۔

اس کے بعد جناب! ہماری دفاعی صورتِ حال ہے، تو میں مختصر کرتے ہوئے عرض کروں گا کہ دفاعی صورتِ حال میں سب سے پہلی میری تجویز تو یہ ہے کہ پاکستان اپنا ۷۰ فیصد بجٹ اپنی فوج پر خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ پاکستان کو بہت اچھے وسائل دستیاب ہیں، پاکستانی قوم بہت اچھی قوم ہے کہ وہ اس بوجھ کو اپنے تحفظ کے لئے اپنے دفاع کے لئے برداشت کرتی ہے لیکن اس کو کم کر کے ہم پاکستانی قوم کو خوشحال بنا سکتے ہیں، لیکن ہم فوج کو کم بھی نہیں کر سکتے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ ہمارا جو standing Army کا تصور ہے اس کو بدل ڈالیں، ہم اپنی فوج کو چین کی طرز پر ترتیب دیں، ترکی کی طرح ترتیب دیں یا اسرائیل کی طرح ترتیب دیں، اسرائیل کی ۳۵ لاکھ آبادی ہے اور ضرورت پڑنے پر وہ ۵ لاکھ ایکٹو فوج بارڈر پر لے آتا ہے، اور ہماری دس کروڑ آبادی ہے اور ہماری ساڑھے چار لاکھ فوج ہے یعنی ہمیں وہ طریقہ اختیار کرنا چاہیئے جس سے ہماری سٹینڈنگ آرمی کم ہو جائے اور ہماری نیشنل آرمی جو ہے وہ زیادہ ہو جائے اس کے لئے میری فوری تجویز یہ ہے کہ پاکستان کے اندر حکومت کے مختلف شعبوں میں جتنے بھی آدمی ملازم رکھے جاتے ہیں وہ پی آئی اے ہو، وہ ریلوے ہو، وہ سی ایس پی ہوں وہ پولیس میں ہوں، جس بھی شعبے میں ہوں وہ تحصیل دار ہوں وہ اساتذہ ہوں وہ پروفیسر ہوں جس بھی آدمی کو سرکاری ملازمت دی جائے اس کے لئے ضروری ہو کہ وہ پہلے ایک سال تک مکمل فوجی تربیت حاصل کرے اور پھر ہر سال اس تربیت کو دوبارہ یعنی ایک مہینے کے لئے یا کچھ عرصہ کے لئے اس کو تازہ کرنا چاہیئے تو اس سے فوری طور پر ہم دو تین چار لاکھ سالانہ فوج میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اور اس کے بعد یہ کہ کسی بھی سٹوڈنٹ کو ایف اے کی سند اس وقت تک نہ ملے جب تک کہ ایک برس کی فوجی تربیت اور ایک برس قومی خدمت اس نے انجام نہ دے لی ہو تو اس طرح ہم چند برس میں اپنی فوج کی تعداد جو ہے وہ بہت بہتر طریقے سے بڑھا سکتے ہیں ۔

دوسری بات یہ ہے کہ پاکستان کو ایٹم بم کی ضرورت ہے، پاکستان کو ایٹم برائے دفاع اختیار کرنا چاہیئے جب ہم ایٹم بم بنا لیں گے اس کے تجربے سے گزر جائیں گے تو پھر اپنی فوج کو ایک تہائی تک "کٹ" کر لینے میں بھی کوئی ہرج نہیں ہو گا اس لئے کہ پاکستان جو ہے وہ ایٹم بم رکھ کر اپنا دفاع ہندوستان کے مقابلے میں بہتر طور پر کر سکتا ہے کیونکہ انڈیا پاکستان کے اوپر ایٹمی حملہ کبھی نہیں کر سکتا کیونکہ پاکستان

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

کی گہرائی کسی جگہ سے بھی اتنی زیادہ نہیں ہے کہ اس کے اوپر ایٹمی حملہ کیا جاسکے جب کہ انڈیا کی گہرائی اتنی ہے کہ ہم اس کے اوپر حملہ کریں تو کوئی دوسرا ملک متاثر نہیں ہوتا پاکستان پر اگر ایٹمی حملہ کیا جائے تو کوئی نہ کوئی دوسرا ملک متاثر ہوتا ہے اور ہندوستان پوری دنیا کے ساتھ جنگ کا خطرہ مول لینے کی قدرت اور صلاحیت نہیں رکھتا اس لئے ہمیں اپنے دفاع کے لئے ہندوستان کو تھریٹ دینے کے لئے ضرور ایٹم بم بنانا چاہیئے۔

تیسری چیز یہ ہے کہ ناگا، میزو، گورکھا اور سکھ اپنی اپنی آزادی کا مطالبہ کر رہے ہیں اور یہی اس کے بازوئے شمشیرزن ہیں، یہی اس کی فوج کو توانا بناتے ہیں، ہم اگر ان کی مدد نہیں کر سکتے ہیں تو جو ہمارے اوپر الزامات لگتے ہیں، جو ہمارے بارے میں باتیں ہوتی ہیں تو ان کے لئے ہم اتنا نیچے نیچے بھی نہ چلتے جائیں، آپ کی خوشحالی کو، آپ کی توانائی کو، آپ کے چہروں کی رونق دیکھ کر ان کو یہ حوصلہ ہوا ہے کہ وہ بھی اپنے لئے آزاد علاقے لیں تاکہ ہندو جو اس کا جونک کی طرح خون چوس رہا ہے وہ اس سے بچ سکیں، پاکستان کی توانائی پاکستان کی موجودگی، بجائے خود ہندوستان کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینے کے لئے کافی ہے لہذا پاکستان کے وجود کو برقرار رکھیئے اپنی زبان کو دانتوں تلے دبا کر کھڑے رہیئے تو آپ یقین کریں کہ تیس برس سے زیادہ ہندوستان اس شکل میں موجود نہیں رہ سکتا ہے اور اس کے بعد میں یہ کہنا چاہوں گا کہ گندگی کے ڈھیر پر کھڑے ہو کر چاند کو نہیں پکڑا جا سکتا، چاند کو نہیں چھوا جا سکتا، ورڈز ورتھ ہیں کہ there is always a place at the top. ہمیں اوپر بلندیوں پر دیکھنا چاہیئے، اور اقبال کہتے ہیں کہ

رکھی ہے خالی خامہ حق نے تیری جبیں — اپنی سرنوشت کو اپنے قلم سے لکھ

پاکستان کا تحفظ، اس کی آزادی کو ہم نے برقرار رکھنا ہے ہم نے اس کے لئے لڑنا ہے ہم نے اس کے لئے جینا ہے، ہم نے اس کے لئے مرنا ہے، ہمیں اپنے تن خاکی میں جان پیدا کرنی ہوگی کوئی باہر سے آکر ہمارا تحفظ نہیں کرے گا۔

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ! چودھری صاحب، شیخ اعجاز احمد صاحب، (نہیں ہیں) جناب سید عباس شاہ صاحب، مولانا سمیع الحق صاحب (نہیں ہیں) محمد ہاشم خان صاحب۔

جناب محمد ہاشم خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم، جناب چیئرمین صاحب! میں زیادہ وقت نہیں لوں گا کیونکہ وقت بھی کم ہے اور باقی بولنے والے بھی ہیں۔

جناب والا! میں اتنا عرض کر دوں گا کہ ہمیں انڈیا سے زیادہ اندرون ملک جو مخالفین پاکستان ہیں ان سے زیادہ خطرہ ہے اور جیسے کچھ عرصے سے ہم دیکھ رہے ہیں ملک میں جو حالیہ گڑبڑ ہوئی جو حالیہ نعرے لوگ لگا رہے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اندرون ملک کافی بدامنی ہے میرے خیال میں پاکستان میں اس وقت جو سب سے اشد ضرورت ہے وہ اسلامی نظام کی ہے جب تک پاکستان میں اسلامی نظام نہیں آئے گا ہم آپس میں لڑتے رہیں گے اور پھر فرقوں میں تقسیم ہوں گے۔ جناب والا! میں آپ کو افغانستان کی مثال دیتا ہوں جیسے ہم سب کو معلوم ہے کہ افغان پچھلے چھ سات سال سے ایک سپر پاور کے خلاف لڑ رہے ہیں اور خالی ہاتھ لڑ رہے ہیں اور صرف اور صرف اسلام کے جذبے سے وہ ان کا مقابلہ کر رہے ہیں جب ہم اپنے آپ کو دیکھیں تو ہمارے پاس تو کافی چیزیں ہیں ٹینک ہیں، ایف ۱۶ ہیں کافی حساس قسم کے ہتھیار ہیں اگر ہم بھی اپنے آپ میں وہی اسلامی جذبہ پیدا کریں تو کوئی شک نہیں۔ کہ اگر وہ خالی ہاتھ ہوتے ہوئے ایک سپر پاور کے ساتھ لڑ سکتے ہیں تو ہم سب کچھ ہوتے ہوئے پوری دنیا کے ساتھ لڑ سکتے ہیں۔

جناب والا! دوسری بات جو اشد ضروری ہے وہ اندرون ملک سیاسی اور معاشی استحکام کی ضرورت ہے جب تک پاکستان کے عوام معاشی طور پر ٹھیک نہیں ہوں گے وہ دوسرے دشمن سے مقابلہ نہیں کر سکتے اگر آپ دیکھیں تو پاکستان میں ستر اسی فیصد لوگ زراعت پر گزارہ کرتے ہیں بدقسمتی سے اس حکومت میں ہمارا جو موجودہ نظام ہے اس نے زمینداروں کو اتنی مشکلات میں ڈال دیا کہ وہ تنگ آ چکے ہیں اب جب تک ہم اندرون ملک اپنی فوج کے لئے اپنے عوام کے لئے غلہ پیدا نہیں کریں گے ان کے لئے ذرائع خوراک پیدا نہیں کریں گے تو ہم کیسے جنگ لڑیں گے، ظاہری بات ہے ہم امریکہ اور دوسرے ملکوں پر انحصار کریں گے اور جیسا کہ ہم سب کو معلوم ہے کہ ہمیں پہلے بھی اس بارے میں دھوکہ دیا جا چکا ہے۔ جناب والا! تیسری بات جو ہے وہ ہم میں اتفاق کی ضرورت ہے ۱۹۶۵ء میں جب ہم پانچوں صوبے سب متفق تھے تو ہم نے انڈیا سے جنگ جیتی۔ ۱۹۷۱ء میں جب ہم میں نا اتفاقی پیدا ہوئی تو ہم سے آدھا پاکستان چلا گیا اور ابھی بھی ہم نے اپنے سیاسی اختلافات ختم نہ کئے تو میرا خیال ہے کہ باقی پاکستان کو بھی خطرہ لاحق ہے۔

جناب والا! میں تو صرف ان سب سیاسی پارٹیوں سے اور ان کے ورکرز سے اور عوام سے یہی کہوں گا کہ ان کو یہ بات دل میں رکھنی چاہیئے اور ذہن نشین کرنی چاہیئے کہ اگر یہ پاکستان ہے تو ہم خوشحالی کے ساتھ رہیں گے خدانخواستہ اگر پاکستان کو کچھ ہو گیا تو میرے خیال میں ابھی جتنے لوگ حکومت

[Mr. Muhammad Hasham Khan]

اور پاکستان کے خلاف نعرے لگا رہے ہیں وہ بھی اس حال میں نہیں ہوں گے چالیس سال پہلے کی بات ہے وہ دیکھیں اپنے قریب انڈیا میں دیکھیں کہ مسلمانوں کے ساتھ کیا کیا ظلم ہو رہے ہیں۔ جناب والا! جو لوگ کہتے ہیں کہ پاکستان توڑ دو، حکومت اور باقی پاکستان کے خلاف نعرے لگا رہے ہیں وہ کھلے عام گھوم پھر رہے ہیں ہر ملک کے سرکاری طور پر دورے کرتے ہیں ان کے لئے ہیلی کاپٹر اور جہاز چارٹرڈ ہو کر آتے ہیں لیکن حکومت اس کے بارے میں خاموش ہے۔ کیا حکومت بھی ان کے ساتھ شریک ہے یا حکومت ان سے ڈرتی ہے اس کا تو مجھے علم نہیں ہے میرے خیال میں یہ جواب وزراء صاحبان دیں گے۔ میں تو صرف اتنا کہوں گا کہ یہ ملک جو پاکستان کے نام پر بنا، کچھ لوگ سوشلزم کا نعرہ لگانا چاہتے ہیں یا سوشلزم چاہتے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے کہ سوشلزم کے نعرے پر ہم نے آدھا پاکستان کھو دیا اور ابھی بھی جو لوگ یہ نظام چاہتے ہیں تو میرے خیال میں یہاں سے سو میل کے فاصلے پر افغانستان میں سوشلزم نظام جاری ہوا ہے وہ بآسانی اور خوشی وہاں جا سکتے ہیں میرے خیال میں بارڈر ان کے لئے کھلے ہیں یا جو لوگ انڈیا کی طرف داری کرنا چاہتے ہیں وہ بھی بخوشی چلے جائیں ہمیں اپنے پیارے ملک پاکستان میں آرام اور سکون کے ساتھ رہنے دیں۔

جناب والا! جو سب سے اہم بات میں کرنا چاہتا ہوں جو کہ ہمارے صوبہ سرحد میں زیادہ عام ہے وہ یہ ہے کہ جو ینگ سٹوڈنٹس ہیں جن کو یہاں انجینئرنگ یونیورسٹی اور میڈیکل کالجوں میں داخلہ نہیں ملتا ان کو افغانستان میں اور ماسکو میں آسانی کے ساتھ داخلہ مل جاتا ہے آپ کو ایک یا دو سیاسی پارٹیوں کے معمولی سے خط کی ضرورت ہو گی آپ کو وہ سب سہولتیں وہاں پر دیں گے پوری تعلیم آپ کی مفت ہو گی وہ پاکٹ منی دیتے ہیں ہوسٹل اچھا ملتا ہے اگر مزید آپ تعلیم لینا چاہتے ہیں تو وہ آپ کو کابل سے ماسکو بھیج دیتے ہیں وہاں سے یہ لوگ واپس آتے ہیں ظاہر بات ہے کہ ان کو وہاں پر بہت اچھے طریقے سے ٹریٹ کیا گیا ہوتا ہے وہ یہاں آ کر ان ملکوں کا پرچار کرتے ہیں شروع شروع میں ہمیں یہ کچھ نظر نہیں آتے کہتے ہیں کہ چلو آٹھ دس آدمی ہیں لیکن میرے خیال میں سات آٹھ سال تک یہ سلسلہ جاری رہا تو آدھے لوگ کمیونسٹ ہو کر وہاں سے آئیں گے میں نے اپنے علاقے میں دیکھا ہے کہ ہمارے علاقے سے لڑکیاں تک وہاں تعلیم کے لئے گئی ہیں۔ جب اگر یہ سب کو معلوم ہے تو آخر حکومت اس کا نوٹس کیوں نہیں لیتی یہ کیوں ہو رہا ہے اگر حکومت کی اپنی بیچ میں کوئی بات ہے تو وہ بھی بتا دیں اگر کنٹرول نہیں کر سکتے ہیں تو ان کو چاہیئے کہ اس کا کچھ ایکشن لیں کیونکہ یہ پاکستان کے لئے تباہ کن ہے۔ جناب والا! میرے دوست طارق صاحب نے فرمایا کہ پرائم منسٹر صاحب کی تقریر بہت جوشیلی یا ایسے انداز میں نہیں تھی کہ وہ میز توڑ

دیں یا کرسی توڑ دیں، کچھ عرصہ پہلے جب ہم کالج میں پڑھتے تھے ہم ایک جلسے میں گئے تھے ہمارے پرائم منسٹر صاحب نے تقریر کرتے ہوئے آگے جو ٹیبل تھا اس کو جب لات ماری تو وہ دور جا کر گرا۔ یہ واقعہ میرے سامنے ہوا وہ وزارت کے عہدے سے نیچے آئے تھے اور ملک میں گھوم پھر رہے تھے، اور تقریریں کر رہے تھے انہوں نے جب اپنا کوٹ اتارا اور پھینکا تو لوگوں نے اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے جیبوں میں رکھ لیا اور انہی تقریروں سے جب وہ پرائم منسٹر بنے تو جناب والا! ہم نے آدھا پاکستان جدا کر گئے۔ اگر یہ چاہتے ہیں کہ وہ ہی جوشیلی تقریریں ہوں وہی طریقہ اپنائیں جو پہلے ہم آزما چکے ہیں تو میرے خیال سے یہ لوگ چاہتے ہوں گے کہ پاکستان کا کوئی حصہ بھی علیحدہ کر دیں۔ ایسی کوئی بات نہیں ہے جو انہوں نے تقریر میں بات کرنی تھی وہ بغیر گھبرائے کر دی ہے جیسے نارمل حالات میں ہوتے ہیں۔ میں ان الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین :۔ شکریہ! جناب محسن صدیقی صاحب۔

جناب محمد محسن صدیقی :۔ جناب چیئرمین! آج اسی مسئلے کے اوپر جو ایوان کے سامنے ہے مختلف پہلوؤں سے روشنی پڑ چکی ہے۔ میں نہ جوش سے، نہ جذبات سے اور نہ ولولے سے کام لینا چاہتا ہوں بلکہ حقائق پسندی سے کام لینا چاہتا ہوں اور اس سلسلے میں آپ بخوبی واقف ہیں کہ اس ملک کو چالیس سال بنے ہوئے ہو گئے کبھی تو ملک کے اندر سے یہ نعرے لگتے ہیں کہ ملک ٹوٹ جائے گا ملک توڑ دیا جائے گا۔ اور کبھی ہمسایہ ملک کی طرف سے اس قسم کے حالات پیدا کئے جاتے ہیں تاآنکہ جنگی حالات پیدا کئے جاتے ہیں اور اس طریقے سے ہماری ہمت کو نیت میں بدلنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ہمیں اس بات کا تجزیہ کرنا ہے کہ وہ کون سے عوارض اور وجوہ ہیں جن کی وجہ سے یہ ملک جو بڑے ہی تقدس اور بڑے ہی اچھے نصب العین اور ولولے کے تحت بنایا گیا تھا۔ چالیس سال میں ہم اس مؤقف پر کس طرح پہنچے کہ اندرون اور بیرون دشمن ایک گٹھ جوڑ کے تحت ایک سازش کے تحت ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ہماری خود زلیست کے دشمن بن گئے ہیں۔ اگر اس کا آپ تجزیہ کریں اگر اجازت ہو تو میں حقائق آپ کے سامنے رکھوں اور میری خواہش ہو گی کہ میرا روئے سخن کسی خاص طبقے کسی خاص سیاسی جماعت کی طرف نہ ہو بلکہ حقائق کا ایک آئینہ آپ کے سامنے پیش کروں اور اس میں ان کی شکلیں پیش کروں اگر ان شکلوں میں کوئی داغ و دھبے نمایاں نظر آئیں تو یہ نہ آئینہ ساز کی خطا ہے اور نہ آئینے کی خطا ہے بلکہ یہ ان کے داغ اور دھبے ہی ہیں۔

جناب والا! سوچئے کہ یہ ملک جس کے لئے برصغیر پاک و ہند کے مسلمانوں نے

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

یکجا ہوکر، ایک آواز اور ایک جھنڈے تلے جمع ہوکر ایک قائد اعظمؒ کی قیادت میں سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح آگے بڑھتے بڑھتے دنیا کا سب سے بڑا ایک ملک بنا دیا۔ مگر جب سرحدیں متعین ہوئیں تو ان سرحدوں میں کہیں اس گوشے یہ آواز آتی ہے کہ ملک توڑ دیا جائے گا کہیں دشمن کے گوشے سے یہ آواز آتی ہے کہ ہم تمہیں دیکھیں گے تم ۲۵ سال سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکتے یہ صرف اس لئے تھا کہ وہ جذبہ، ولولہ، وہ ممنظم جو مسلم قوم نے پاکستان بننے سے پہلے حاصل کیا تھا اسے آپ نے ضائع کر دیا اور اس بے دردی اور بے رحمی سے ضائع کیا کہ نہ صرف آپ میں وہ جذبہ نہ رہا بلکہ آپ نے اس سے اپنی آئندہ نسلوں کو بھی محروم کر دیا آج بھی میری گزارش صرف یہی ہے کہ جب ہم نے تحریک پاکستان شروع کی تھی تو ہم نے یہ ہرگز نہیں کہا تھا کہ ہم پنجابی ہیں ہم سندھی ہیں، ہم بمبئی کے ہیں، ہم بنگالی ہیں۔ ہم نے مسلمان کی حیثیت سے اس ملک کو حاصل کیا اور یہ کہا تھا کہ یہ ملک تمام برصغیر کے مسلمانوں کا دارالامان ہوگا۔ یہ صوبائیت نہیں تھی، میں نے تقسیم سے پہلے اور بعد میں آل انڈیا مسلم سٹوڈنٹس میں جنرل سیکرٹری کی حیثیت سے تمام ملک کے دورے کئے وہاں مجھے کوئی بنگالی نظر نہیں آتا تھا کوئی یو پی سی پی کا نظر نہیں آتا تھا کوئی اڑیسہ، کوئی بہار کا نظر نہیں آتا تھا۔ میں اس حصے میں بھی یعنی سندھ میں ۴۸-۱۹۴۷ء میں آیا، پنجاب میں آیا، فرنٹیئر گیا بلوچستان گیا مجھے کہیں کسی نے یہ نہیں کہا کہ میں بلوچی ہوں، سندھی ہوں، میں مہاجر ہوں یا یہاں جتنے آباد طبقے ہیں کسی نے نہیں کہا۔ مگر آج یہاں نیا طبقہ پیدا ہوا جسے مہاجر کہتے ہیں۔ ہم نے یہ جو بڑے بڑے لات و منات کے بت لا کھڑے کئے ہیں انہیں توڑیئے تب بات بنے گی ایک طرف تو آپ نے صوبائیت کی لعنت اس ملک میں کھڑی کر رکھی ہے دوسری طرف feudalism اور tribalism کی لعنت ہے نتیجہ یہ ہے کہ اصل میں یہ وہ بت ہیں جو لات و منات کی حیثیت رکھتے ہیں اب آپ بتائیے کہ جب تک آپ انہیں توڑیں گے نہیں تو خانہ کعبہ کو آپ سنگ اسود سے کیسے آراستہ و پیراستہ کر سکتے ہیں، خدارا قومی یکجہتی، قومی بقا اور قومی ترقی کے لئے انتہائی کمزوری ہے کہ ہم اپنے کو صوبوں سے منسوب کرنے کی بجائے یا علاقوں یا ہجرت سے منسوب کرنے کے بجائے صرف پاکستان کی حیثیت سے سوچنا شروع کریں۔ اس کی مثال وہی ہے کہ:

ع قدم قدم پہ فروزاں ہیں آنسوؤں کے چراغ
ذرا انہیں گل کرو تو صبحِ وطن کی بات کریں

ہم کس سے بات کریں آج ہندوستان کی ہمت کیسے پڑی کہ پھر وہ اپنی فوجیں لے آیا تین جنگیں لڑ چکا ہے آج وہ پھر یہ دیکھ رہا ہے کہ اس ملک میں افراتفری ہے اس ملک کے ذہن بٹے ہوئے ہیں یہ علاقائیت کے شکار ہیں یہ اپنے اپنے علاقوں میں بے انصافیوں کے شکار ہیں اور نتیجہ یہ ہے کہ حالات ایسے ہیں جسے کہتے ہیں۔

anybody can fish in your troubled waters.

آج اس پانی میں کوئی بھی آ کر شکار کھیل سکتا ہے تو سب سے پہلے ہمیں اپنی صفوں کو درست کرنا ہوگا، اپنے آئیڈیا کو درست کریں صرف اپنے لئے ہی نہیں بلکہ اپنی آئندہ نسلوں کے لئے درست کریں تو پھر ہم یہ سوچ سکتے ہیں کہ نہ اندرون ملک کوئی دشمن اور نہ بیرون ملک کوئی دشمن ہماری طرف دیکھ سکتا ہے اور جو آنکھ ملک کی طرف ہو ایسے ہمارے نوجوان ہوں شاہین ہوں کہ اس آنکھ کو نکال دیں وہ ہاتھ جو پاکستان کی سالمیت کو توڑنے کی طرف بڑھے اس ہاتھ کو کاٹ دیں جو قدم پاکستان کے خلاف اٹھے اس قدم کو قلم کر دیں جب تو یہ ملک بن اور بچ سکتا ہے ورنہ لمبی لمبی باتیں، وزیراعظم کی تقریر پر مختلف قسم کے اعتراضات اور تعریفیں سب بے معنی ہیں وزیراعظم ایک نہایت ہی سنجیدہ آدمی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ موقع کی نزاکت ہی ایسی ہے کہ ہم جذبات سے ماورای ہو کر جذبات سے الگ ہو کر اپنا احتساب کریں اور احتساب کرنے کے بعد ہم ان وسائل اور ذرائع کو بروئے کار لائیں اور وہ تدابیر اختیار کریں جس سے ہم اگر دشمن کے کوئی ناپاک ارادے ہیں تو ان کو خاک میں ملا سکیں۔

قلت وقت کے پیش نظر میں اپنے آپ کو چند اہم نکات تک محدود رکھنا چاہتا ہوں اگر حکومت ان عوامل کو اکٹھا کرے تو یقیناً ہم اس قابل ہو سکتے ہیں کہ ہندوستان تو کیا بڑے سے بڑے دشمن کا مقابلہ کر سکتے ہیں میرے دوست طارق صاحب نے کہا جو سرکاری ملازم ہیں یا ایف اے تک تعلیم پاتے ہیں ان کے لئے فوجی تربیت لازمی ہونی چاہیئے، میری گزارش یہ ہوگی کہ پاکستان کا ہر شہری اور نوجوان جو اکیس سے چوبیس سال کے درمیان ہو اس کے لئے دو سال کی لازمی فوجی تربیت ہونی چاہیئے اور ایک سال اس کی سروس ہونی چاہیئے اس کی وجہ کیا ہے؟ آپ ایک چھوٹا ملک ہیں۔ اور آپ کا ہمسایہ آپ سے چار پانچ گنا بڑا ہے بلکہ آبادی میں تو دس گنا بڑا ہے اس کا ایک صوبہ آپ کی آبادی سے اڑھائی گنا بڑا ہے آپ مقابلہ کیسے کریں گے پروفیشنل فوج آج کے زمانے میں رکھنا جب کہ

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

اخراجات کی اسس قدر زیادتی ہے بڑا مشکل ہے ۔ یہ ہمیں پہلے دن سے کرنا چاہیئے تھا اور یہ آج میں پہلی مرتبہ نہیں کہہ رہا بلکہ متعدد بار یہ بات کہہ چکا ہوں کہ ہر شہری کو اکیس اور چوبیس سال کے اندر ٹریننگ دینی چاہیئے اور کم سے کم ایک سے تین مہینے کی تربیت ہو جس میں ہر شخص کو فوجی مہارت کی استعداد حاصل کرنی چاہیئے ۔ اور جب خدانخواستہ ملک پر کوئی برا وقت آئے تو آپ کے پاس کسی بھی ملک کے مقابلے میں اتنی بڑی منظم فوج تیار ہو کہ کوئی دشمن اسس کا ارادہ بھی نہ کر سکے کہ آپ کی طرف قدم بڑھائے ۔

اسس کے علاوہ ایک بڑی اہم بات یہ ہے کہ یہاں پر ایک ڈیفینس پروڈکشن ڈیپارٹمنٹ ہے اور اس کے تحت کچھ انڈسٹریز ہیں ۔ اور وہ انڈسٹریز بھی ابتدائی انڈسٹریز ہیں ۔ آج دنیا چاند پر بھی پہنچ چکی ہے اور آپ یہ چھوٹی گنیں اور اس قسم کی چیزیں بناتے ہیں اور ان کو بنا کر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ اپنا دفاع کریں گے ۔ آپ کو تو تمام sophisticated technology حاصل کرنا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے لئے یہ پورے طریقے سے ممکن نہیں ہے ۔ ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ بہت سی حکومتیں اس بات کے لئے تیار ہی نہ ہوں ۔ اس بات کی وہ آپکو اجازت ہی نہ دیں جو کسی طرح سے اس قسم کی صنعتیں جو ڈیفنس میں کام آسکتی ہیں وہ آپ لگائیں اسس کے لئے آپ دروازے کھولیں ۔ ہر شہری کو آپ اجازت دیں اور پرائیویٹ سیکٹر میں ایسے لوگ موجود ہیں جو منافع کی خاطر نہیں قوم کے دفاع کی خاطر اسس ملک کو پورے طریقے سے آلات حرب سے لیس کرنے کی خاطر پیسے خرچ کریں گے ۔ ٹیکنالوجی چوری کریں گے جا کر ٹیکنالوجی کی بھیک مانگیں گے ساری دنیا میں خوشامدیں کریں گے ۔ پوری دنیا میں آپ کے ایک طرح کے مسنجر بن کر جائیں گے اور کسی نہ کسی طرح سے وہ ٹیکنالوجی لائیں گے اور یہاں پر بنائیں گے یہی نہیں اگر آپ نے اس قسم کی کوئی انڈسٹری بنالی تو یہ آپ دوست ملکوں کو بھی دے سکتے ہیں ۔ اسلامی ممالک کو بھی دے سکتے ہیں ۔ مگر جب تک آپ اسے ایک محدود کوزے میں ایک محدود دائرے میں بند کر کے صرف ایک پروڈکشن ڈویژن کے تحت رکھیں گے تو یقیناً آپ کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے ۔ میری یہ بڑی پر زور اپیل ہے کہ جلد از جلد تمام ڈیفنس کی فیکٹریاں عام پاکستانی کو جو اس کی استعداد رکھتے ہیں جو اسس کی صلاحیت رکھتے ہوں ، دی جائیں ۔ جہاں تک ان کی نقل و حرکت ہے جہاں تک دوسرے ملک میں اس کی سپلائی ہے اسس کو آپ کنٹرول کریں ۔ امریکہ اتنا بڑا ملک ہے اس کی آلات حرب کی پوری صنعت پرائیویٹ سیکٹر کی ہے

فرانس کو دیکھئے، یو کے کو دیکھئے اور اسی طرح سے دنیا کے جتنے بڑے ممالک ہیں سب جگہ یہی ہے اور اسی وجہ سے وہاں ترقی ہوئی ہے۔ ہر قسم کے ریسرچ سیل بنے ہوئے ہیں اور لوگوں نے نئے نئے تجربے کئے ہیں اور آج وہ اس قابل ہیں۔ میرے دوست طارق صاحب نے یہ بھی کہا کہ ہمیں ایٹم بم رکھنا چاہیئے۔ رکھنی تو آپ کو ہر چیز چاہیئے مگر آپ نے سوچا۔ آج جو تھوڑا سا جامع پروگرام ہے جس کے متعلق دنیا میں مختلف طریقے سے آپ کو مطعون کیا جا رہا ہے۔ دنیا میں آپ کو خوار کیا جا رہا ہے اور مختلف قسم کے الزامات لگائے جاتے ہیں۔ وہ بھی کیسے ہوا۔ کہیں سے کوئی فارمولا اپنی صلاحیتیں اپنا تجربہ اور اپنی کچھ قابلیت لے کر آیا اور وہ ابھی اب تک اللہ جانے کہاں تک پہنچا اور کہاں تک نہ پہنچا مجھے تو اس کے حالات نہیں معلوم البتہ ایٹم بم ایسی چیز نہیں ہے جیسے آپ آسانی سے کھلونا سمجھ کر کھیل سکیں مگر ایسے آلاتِ حرب جس پر دنیا کو کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا۔ جو دنیا کے دوسرے آزاد ملکوں کے پاس ہیں وہ آپ یہاں بنا سکتے ہیں۔

تیسرا میرے نزدیک اہم مسئلہ یہ ہے کہ ہمارے پڑوس میں جو ملک ہیں اور خصوصاً روس، ان کی طرف سے آپ کو پہلی مرتبہ پیغام ملا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر حالات کا تجزیہ کیا جائے تو اس قسم کے اثر کو ہمیں سنجیدگی سے سوچنا چاہیئے۔ میں یہ ہرگز نہیں چاہتا کہ اب افغانستان کے مسئلے سے آپ دستبردار ہو جائیں۔ میں یہ بھی نہیں کہتا کہ افغان مہاجرین یا مجاہدین کو آپ کسی طریقے سے نظر انداز کریں یا ان کو آپ دوراہے پر چھوڑ دیں۔ ان کو ساتھ رکھتے ہوئے اور ان پالیسیوں کو اپنے سامنے پوری طرح واضح رکھتے ہوئے ان کی اس پیشکش کو پوری طرح استعمال کریں، تاکہ ایک سپر پاور اور پڑوسی ملک سے ہم عہدہ برآ ہو سکیں۔ آج جیسے کہ کہا گیا کہ آج ہم اس پوزیشن میں نہیں ہیں۔ آج اس موقف میں ہم نہیں ہیں کہ ہم اپنی فوجوں کو بارڈر سے ہٹا سکیں خصوصاً مغربی بارڈر سے پہلے یہ پوزیشن نہیں تھی، ہمیں جلد از جلد اپنی فارن پالیسی اپنے تدبر اور اپنی صلاحیت سے اس مسئلہ کا حل تلاش کرنا چاہیئے جہاں تک بھارت کا تعلق ہے جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ کتنا ہی آپ تعلقات بہتر بنانے کی تدابیر کریں، مگر کچھ ایسے پہلو ہیں ان کی فارن پالیسی میں اور ان کے پڑوسی ممالک کے ساتھ رویے میں، کہ ان سے بہت زیادہ امیدیں نہیں رکھنی چاہئیں مگر ایک چیز یقینی ہے کہ اگر انہیں معلوم ہو کہ پاکستان طاقتور ہے اس کے پاس اپنے دفاع کی صلاحیت ہے اور پاکستان کے اندرونی حالات صحیح ہیں اور یہاں پر کوئی انتشار نہیں۔ یہاں پر قومی یک جہتی کا فقدان نہیں تو یقیناً یہ سب سے بڑا آپ کا حربہ ہو گا۔ انہیں دور

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

رکھنے کا اور ان کے غلط یا ناپاک ارادوں کو ختم کرنے کا۔ اس موقع پر میری ایک یہ بھی عرضداشت ہے کہ قومی یک جہتی پیدا کرنے کے لئے اور خصوصاً ایسے وقت میں جب کہ ہندوستان نے اپنی فوجیں کسی بہانے سے بھی ہماری سرحدوں پر اکھٹی کردی ہیں تو نہ صرف ہم ان اسمبلیوں میں اور پارلیمنٹ میں اس پر بحث کریں بلکہ اس کے لئے ہم اپنے فورم کو انلارج کریں۔ حکومت کو چاہیئے کہ وہ تمام جماعتیں جو محب وطن ہیں جن کے متعلق کوئی شبہ نہیں، جن کی نیتیں صاف ہیں جن کے بیانات صاف ہیں ان کو بھی اعتماد میں لیں انہیں بھی حالات سے آگاہ کریں یہ ملک صرف ہمارا نہیں ہے جو اسمبلی میں بیٹھے ہوئے ہیں ملک صرف اس جماعت کا نہیں جو اس وقت اقتدار میں ہے ملک ہر شہری کا ہے ہر آدمی کا ہے۔ ہر وہ سیاسی جماعت جو ملک کی سالمیت پر ایمان رکھتی ہے اس کا ہے۔ اس لئے انہیں ایسے نازک موقع پر اعتماد میں لینا چاہیئے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں میں تو پیدا ہوا ہوں مسلم لیگی، زندہ ہوں مسلم لیگی اور انشاء اللہ مروں گا بھی مسلم لیگی، مگر جہاں ملکی مسائل ہوں گے جہاں ملک کی سالمیت کا مسئلہ ہوگا اگر مجھے کسی کے پاؤں بھی چھونا پڑیں گے اگر مجھے کسی کے سامنے سر بھی جھکانا پڑے گا یا جان بھی دینا پڑے گی تو میں ملک کی خاطر خدمت کے لئے تیار ہوں۔

جناب والا! اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنے اندر جو دشمن ہیں جو وقت بے وقت بے سری آوازیں اٹھاتے رہتے ہیں، کوئی کہتا ہے کہ میں تو پاکستان پہ یقین ہی نہیں رکھتا اس لئے میں پاکستان کے قوانین کا پابند نہیں ہوں، میں تو سندھو دیش چاہتا ہوں، کوئی کہتا ہے کہ میں پاکستان کی سالمیت کو نہیں مانتا۔ یہ حضرات جو مختلف گوشوں سے، مختلف موقعوں پر، اپنی اپنی آوازیں اٹھا کر لوگوں کے ذہنوں میں انتشار پیدا کر رہے ہیں، انہیں کب تک آپ آزاد چھوڑیں گے ان سے آپ ان تمام قوانین کے تحت، جو ملکی سالمیت کے لئے ہیں، کیوں نہیں نپٹتے۔ وہ کون سی مصلحتیں ہیں، وہ کون سی وجوہ ہیں کہ اس ملک میں پاکستان دشمن عناصر اتنے کھلے طریقے سے اتنے واضح طریقے سے اور ببانگ دہل طریقے سے یہ اعلان کرتے پھرتے ہیں اور آپ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ اگر یہی طریقہ کار ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم مجرم نہیں تو ہم مجرمانہ غفلت کا ضرور شکار ہیں اور یہ مجرمانہ غفلت اگر ذات تک محدود ہوتی تو مجھے کوئی اعتراض نہیں تھا کیونکہ یہ مجرمانہ غفلت ملک کی سالمیت کے ساتھ ہے اس لئے میں چاہتا ہوں کہ اس کا پورے طریقے سے احتساب کیا جائے اور جلد از جلد ایسے لوگوں کو جو اس قسم کے بیانات دیتے ہیں انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ میں ہر گز نہیں کہتا کہ انہیں بلا جواز یا بلا قانون کے پھانسی دے دی جائے، ایسا یہ ضرور

کہوں گا کہ جو قوانین ہیں اور جس قسم کے ان کے بیان ہیں ان کے تحت انہیں کھلی عدالت میں لایا جائے ان پر مقدمے چلائے جائیں اور اس کے بعد یہ دیکھا جائے کہ اگر ان پر جرم ثابت ہو ، جیسا کہ مجھے یقین ہے، کیونکہ میرے کان تو یہ سن سن کر پک چکے ہیں ۔ یہ باتیں سن کر، میری آنکھیں ان کے بیانات پڑھ پڑھ کر ششدر رہ چکی ہیں، اس لئے میں نہیں سمجھتا کہ جو لوگ حکومت میں ہیں وہ کس طرح اس چیز کو tolerate کرتے ہیں، کس طرح وہ اس کو برداشت کرتے ہیں، بعض اوقات تو مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ سر سے پاؤں تک میرا خون کھول گیا ہے ۔ بہرحال ایک فرد کی حیثیت، میں اکیلا کچھ نہیں کر سکتا ۔ اس لئے میری یہ بڑی پر زور اپیل بھی ہے اور دردمندانہ خواہش بھی ہے کہ خدارا ان حضرات سے ہماری جان چھڑائیے ۔ یہ وہ لوگ ہیں جو آپ کی صفوں میں آ رہے ہیں اور یہ آپ کی صفوں میں آ کر گالی دیں گے اور یہ ملک کی سالمیت کو نقصان پہنچائیں گے اور اس کیلئے ایک مصمم ارادہ آپ کو کرنا پڑے گا اس کے لئے ہمیں اپنے نوجوانوں کو اعتماد میں لینا پڑے گا کیونکہ ہم نے جو کوتاہیاں کی ہیں ان کو بھی ہمیں اپنے عوام اور نوجوانوں کے سامنے ماننا پڑے گا اور اب ضرورت اس بات کی ہے کہ اب ان نوجوانوں میں ایسا ولولہ پیدا کیا جائے ۔ ایسی امنگ پیدا کی جائے کہ جو زبان پاکستان کے خلاف اٹھے وہ زبان کھینچ لی جائے ۔ کسی کو بھی یہ جرأت نہ ہو اور وہ قلم جس سے پاکستان کے خلاف لکھا جائے وہ قلم توڑ دیا جائے ۔

میں جناب اپنی تقریر ختم کئے دیتا ہوں کیونکہ آپ کی بے چینی کا مجھے احساس ہے اس لئے میری گزارش ہے کہ اب ہمارا نعرہ یہ ہونا چاہیئے ۔

اٹھاؤ ساغر، بجاؤ بربط، نیا زمانہ، نیا ترانہ
وہ دن گئے جب نگاہ ساقی پر ناچتا تھا شراب خانہ
کبھی دبے ہیں نہ دب سکیں گے، مزاج اپنا ہے باغیانہ
کچھ اپنا ہی نقصان کرے گا جو ہم سے ٹکرائے گا زمانہ

جناب قائم مقام چیئرمین :- جناب پیر صاحب، آپ کیا فرمانا چاہتے ہیں، آپ دعا کریں ان کے بعد تین مقرر رہتے ہیں اور ابھی زین نورانی صاحب نے اس بحث کو وائنڈ اپ بھی کرنا ہے وقت اس لئے زیادہ صرف ہو رہا ہے کہ ابھی مقرر نہ

[Mr. Acting Chairman]

تقریر کے لئے کھڑا ہوتا ہے، وہ اپنی تقریر لمبی کرنا شروع کر دیتا ہے اس وجہ سے زیادہ وقت لگ رہا ہے۔

پیر الحاج سید محمد شاہ جیلانی :- جناب والا! میں بہت دن سے اسلام اسلام کا نام سن رہا ہوں مگر یہ دیکھ کر بہت افسوس ہوتا ہے کہ اسلام عمل میں نہیں آ رہا ہے۔ باتیں ہوتی ہیں کلام پاک کی تلاوت بھی ہوتی ہے، سورتیں بھی پڑھتے ہیں مگر عمل نہیں ہوتا ہے۔ پاکستان اسلام کے نام پر اور شریعت پر بنا ہے۔ ہمارے بھائی نے یہ تشریح کی ہے کہ ایک مسلمان اور دس کافر برابر ہیں اس کے متعلق کلام پاک کی آیت مبارک ہے کہ ایک مومن، دس کافر مگر مومن، یہ بات مومنوں کے لئے ہے مسلمانوں کے لئے ہے۔ پہلی تو میری یہ التجا ہے کہ ہم اپنے آپ کو مسلمان بنائیں یعنی جو مسلمان کہلاتے ہیں ان کو صحیح مسلمان بنائیں اگر میں مسلمان ہوں تو مجھے کافروں کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ ہمارا نام اگر وہ سنیں گے تو ان کے گھروں میں خوف پھیل جائے گا۔ ہماری یہ تاریخ ہے اور یہ تاریخ زندہ ہے۔ بدر کی لڑائی کو آپ یاد کریں۔ خیبر کی لڑائی کو یاد کریں اور اس کے علاوہ دیگر تاریخ کو بھی یاد کریں۔ ہمارا ساز و سامان جو ہے یہ ایمان ہے، یہی ہمارا بارود ہے۔ فتح و نصرت صرف خدا کے ہاتھ میں ہے۔ ہم اللہ تبارک و تعالیٰ کے قائل ہیں اگر ہم اس کی تابعداری کریں تو ہمارا کوئی بال بھی بیکا نہیں کر سکتا ہے۔ ہمارا پاکستان، اسلام کی خاطر بنا ہے اور یہ اسلام کے نام پر زندہ رہے گا۔

جناب والا! دوسری بات یہ ہے کہ جمہوریت کو صحیح طریقے سے چلانا چاہیئے جو جمہوریت چل رہی ہے یہ صحیح جمہوریت ہے جہاں تک شریعت کے نفاذ کا تعلق ہے اس کے نفاذ کے عمل کو تین سال گزر گئے ہیں اس کے بارے میں یہی سن رہے ہیں کہ اس کو فلاں کمیٹی میں بھیجو اور اسے فلاں کمیٹی میں بھیجو، مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ اس کی کیا ضرورت ہے جب کہ کلام اللہ میں ہر چیز کی وضاحت موجود ہے آپ اس بات سے ڈرتے کیوں ہیں؟ ڈرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ ہر ایک چیز کی

وضاحت اس میں موجود ہے ۔ اگر کوئی فلاں جرم ہے تو اس کے بارے میں واضح طور پر موجود ہے کہ اس کے لئے فلاں سزا ہے اور فلاں کے لئے فلاں سزا ہے ہم سب مسلمان ہیں اور ہم سب قرآن شریف کے قائل ہیں ۔ تیسری بات یہ ہے کہ ہمارے وزیراعظم صاحب پچھلے کچھ دنوں سے کچھ نہ کچھ اظہار خیال کر رہے ہیں ان کی شرافت کا یہ حال ہے کہ وہ شرافت سے بات کرتے ہیں میز پر مکّہ مار کر بات نہیں کرتے ہیں یہ ہے شرافت، مگر یہاں شرافت کی قدر نہیں ہے ۔ جہاں تک فوج کا تعلق ہے ، ہم ۱۰ کروڑ عوام ہیں اور یہ دس کروڑ ہی فوج ہے ہم ہیں جب اسلام آئے گا تو فوج میں حصہ لینا ہمارے لئے جہاد ہے ہم سب فوج ہیں ہماری ساری قوم کو ایک دیوار کی طرح ہونا چاہیئے افغانستان میں مسلمان جہاد کر رہے ہیں ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنی قوم کو اعتماد میں لیں اگر قوم میں اعتماد ہے تو ہم دس کروڑ کے دس کروڑ فوج ہیں ۔ بچہ بچہ سڑکوں پر شہید ہوگا، مرے گا ، ظالموں کے آگے جھکے گا نہیں۔ جہاد مسلمان پر فرض ہے جس طرح اسلام کے پانچ رکن ہیں اسی طرح جہاد بھی ایک رکن ہے ۔

جناب والا! سہراب گوٹھ میں ایک تکلیف تھی وہاں منشیات کا کاروبار چل رہا تھا ، نشہ چل رہا تھا ، جو چل رہا تھا اس کو ہمارے وزیراعلیٰ شاہ صاحب نے بند کیا ۔ اس پر کچھ شور ہوا ہے ، شاہ صاحب پر اس کارروائی کی وجہ سے تنقید ہو رہی ہے ۔ میں عرض کرتا ہوں کہ اس وقت سندھ میں کوئی جھگڑا نہیں ہے ، کوئی بدامنی نہیں ہے سندھ اس وقت بالکل محفوظ اور پرامن ہے اس لئے سندھ کے اوپر کوئی بھی الزام لگانا غلط ہے ۔ میں ایک بار پھر گزارش کروں گا کہ جمہوریت کا خیال رکھیں اسے صحیح طریقے سے چلانا چاہیئے اسلام کو قائم کرنا چاہیئے ہم ساڑھے دس کروڑ عوام فوج ہیں اور مسلمان ہونے کی حیثیت سے جہاد ہم پر فرض ہے ۔ ہمارا بچہ بچہ لڑے گا اور بچہ بچہ سرحد پر جائے گا صرف ہمیں تربیت کی ضرورت ہے۔ یہ آپ فکر مت کریں کہ ہمارے پاس فوج کم ہے۔

[Pir Al Haj Muhammad Shah Jellani]

میں کہتا ہوں کہ فوج کم نہیں ہے۔ ہمارے پاس ایمان ہے۔ یہاں ایمان کی بازی ہے آپ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ کو دیکھیں اس وقت نہ تلواریں تھیں نہ بندوقیں تھیں صرف خالی ہاتھ تھے صرف اللہ کا کرم تھا کسی کے پاس کچھ نہیں تھا۔ ایمان تھا۔ اس لئے وہ ہر جنگ فتح کر لیتے تھے اب بھی ہم وہی مسلمان ہیں مگر ہم میں اب اسلام کی کمی ہے قرآن کی کمی ہے اس کو پورا کریں، پکے مسلمان بنیں، مسلمان کی شبیہہ بنائیں اسلام کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالیں اسلام سے ڈریں نہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین :- جناب زین نورانی صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری :- جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر، میں تو جناب وعدہ کر کے پھنسا بیٹھا ہوں لیکن یہ کورم میں نے نہیں توڑا اس پر آپ توجہ دیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین ! جیسے آپ مناسب سمجھتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری ۔ بہرحال یہ میں نے نہیں توڑا ہے۔

حاجی اکرم سلطان ۔ حضور والا! میں نے بھی اپنا نام دیا تھا۔

جناب قائم مقام چیئرمین :- جناب اکرم سلطان صاحب، مجھے اسی بات کا خیال تھا اور میرے نزدیک جو تشویش تھی وہ یہی تھی کہ جب محترم وزیر صاحب وائنڈ اپ کرنے کے لئے اٹھیں گے تو اسی وقت کورم کے بارے میں پوائنٹ آؤٹ کیا جائے گا آپ نے اپنا نام بہت آخری وقت میں دیا ہے اور سب سے آخر میں دیا ہے اور میں آپ سے اور یوسف مگسی صاحب سے معذرت خواہ ہوں۔ میرے لئے اب یہ صورتحال ہے کہ اگر آپ چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے۔

حاجی اکرم سلطان :- تو جناب پھر ہاؤس کو چلائیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین :- جناب اکرم سلطان صاحب آپ تشریف رکھیں۔ چونکہ اب کورم کا مسئلہ اٹھا دیا گیا ہے تو لہذا اب یہی ہے کہ گھنٹیاں بجائی جائیں گی۔

حاجی اکرم سلطان: جناب میں تقریر نہیں کرنا چاہتا۔

جناب محمد طارق چودھری:- جناب یہ حکومتی پارٹی کی ذمہ داری ہے کہ وہ کورم کو پورا رکھے۔یہ ذمہ داری کی بات ہے۔

(کورم کی گھنٹی بجائی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین: چونکہ کورم کا مسئلہ اٹھایا گیا ہے تو اجلاس بروز اتوار ....

جناب محمد طارق چوہدری:- میں withdraw کرتا ہوں۔

جناب قائم مقام چیئرمین:- جی چلیئے زین نورانی صاحب۔

جناب زین نورانی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں سینیٹر صاحبان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ کا بھی کہ آپ نے مجھے یہ موقع دیا۔ جناب چیئرمین! دو دن تک معزز سینیٹر صاحبان نے ہندوستان کی فوجیں جو پاکستان کی سرحد پر کھڑی کی گئی ہیں، اس سے جو صورتِ حال پیدا ہوئی ہے، اس کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے جس کا میں بے حد شکرگزار ہوں۔ اس لئے کہ ان کے مشورے، ان کی تقاریر میں جو کلمات تھے، ان سے نہ صرف حکومت کو فائدہ پہنچے گا بلکہ حکومت کی ہمت افزائی بھی ہو گی جناب چیئرمین! یہ اس ماہ کی ۲۲ جنوری کو ہندوستان کے منسٹر آف سٹیٹ فارفارن افیئرز نے پاکستان کے سفیر کو بلا کر یہ غلط الزام لگایا کہ پاکستان نے اپنی فوجیں ہندوستان کے خلاف جنگی پوزیشنوں میں متعین کر دی ہیں۔ یہ بالکل من گھڑت بات تھی، بے بنیاد الزام تھا لیکن اس کے باوجود حکومتِ پاکستان نے ان سے یہ کہا کہ ہم ٹینشن کو کم کرنے کے لئے ہر وقت تیار ہیں بشرطیکہ یہ دوطرفہ کوشش کی جائے آپ بھی de-escalation کریئے ہم بھی de-escalation کرتے ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ صورتِ حال کیسے پیدا ہوئی اور کیوں کر پیدا ہوئی ہندوستان نے سالانہ فوجی مشقوں کے نام پر اپنے دو لاکھ فوجی پاکستان کی سرحدوں کے قریب کھڑے کر دئیے تیرہ سو ٹینک، اور آپ یقین رکھئے چیئرمین صاحب! کہ ایشیا کی تاریخ میں اتنی بڑی جنگی مشق آج تک کبھی نہیں ہوئی، بلکہ شاید دنیا کی تاریخ میں بھی نہ ہوئی ہو لوگوں کا کہنا یہ

[Mr. Zain Noorani]

ہے کہ یورپ میں نیٹو ممالک کی جو مشقیں تھیں وہ اس کے برابر ضرور ہوں گی لیکن یہ یاد رکھا جائے کہ نیٹو کی جو مشقیں تھیں، فوجی مشقیں جو تھیں وہ نیٹو ممالک کی، تین چار، پانچ جتنے ممالک ہیں ان کی مل ملا کر ہوئی تھیں، ہندوستان صرف اکیلے نے پاکستان کی سرحد پر اتنی بڑی فوج لا کر کھڑی کر دی اب تو قع کیا ہے پاکستان سے کہ پاکستان اپنے دفاع کا کوئی انتظام نہ کرے، پاکستان وہ انتظامات نہ کرے جس سے اپنی سرحدوں کا دفاع ہو سکے۔ تو جناب چیئرمین! ہم نے نہ تو ہندوستان کے خلاف جنگ کرنے کا کوئی منصوبہ بنایا اور نہ اپنی فوجوں کو جنگی پوزیشنوں میں لے گئے لیکن جو معمولی دفاع کے انتظامات تھے وہ ہم نے ضرور کئے ہیں اور اس سے ہندوستان کو کوئی تکلیف نہیں پہنچنا چاہیئے تھی یہاں پر میں یہ بات بھی دوہرا دوں کہ جب خبر آئی تھی چند ماہ پہلے کہ ہندوستان اتنی زبردست ملٹری ایکسرسائز کرنا چاہ رہا ہے تو پاکستان کے وزیر اعظم نے بنگلور میں سارک کی ہونے والی کانفرنس کے دوران ہندوستان کے وزیر اعظم سے اس سلسلے میں گفتگو کی تھی اور ہندوستان کی طرف سے یہ یقین دلایا گیا تھا کہ یہ مشقیں کم کر دی جائیں گی۔ اتنی بڑی تعداد میں نہیں کی جائیں گی لیکن ایسا نہیں ہوا ہندوستان کے وزیر اعظم کا دیا ہوا وعدہ پورا نہیں ہوا اس کے باوجود اب وہ چاہتے ہیں کہ ہم جنگ نہیں چاہتے اور پاکستان اپنی فوجوں کو Peace پوزیشن پر لے جائے۔ ہم ماننے کے لئے تیار ہیں کہ وہ جنگ نہیں چاہتے لیکن اس کے باوجود ہماری فوجیں اس وقت تک Peace پوزیشن پر نہیں جا سکتیں جب تک ان کی طرف سے جو فوجیں ہماری سرحدوں پر لائی گئی ہیں، انہیں بھی واپس نہ بھیجا جائے ایک طرف ہندوستان کے وزیر اعظم نے پاکستان کی طرف سے دی گئی تجویز کہ دونوں ملکوں کے درمیان گفت و شنید ہوتی چاہیئے تاکہ جو آج فضا پیدا ہوئی ہے اس پر کنٹرول پا لیا جائے، اس کو قبول کر لیں۔ دوسری طرف کیا ہوتا ہے اس کے لئے مجھے ۲۳ جنوری سے پہلے کی طرف آپ کی توجہ دلانی ہو گی ۱۹ جنوری کو ہندوستان کے ۵ جو سب سے بڑے اخبار ہیں ان میں ایک قسم کی خبر چھپتی ہے کہ پاکستان ہندوستان کے خلاف جنگ کرنا چاہتا ہے اور پاکستان کی فوجیں ہندوستان کی سرحد پر پہنچ گئی ہیں۔ پانچوں میں ایک ہی قسم کی خبر ہے جب حکومت پاکستان نے اپنے ذرائع سے

پتہ کیا کہ پانچوں اخبار میں ایک ہی جیسی خبر کا چھپنا اس کے پیچھے کس کا ہاتھ ہے، تو ہمیں یہ پتہ چلا کہ ہندوستان کے چیف آف سٹاف جنرل سندر جی نے ان اخباروں کے نمائندوں کو خود خفیہ بریفنگ دی تھی۔

پھر ۲۱ تاریخ کو ہندوستان کے اخبارات میں اسی قسم کی خبر چھپتی ہے اور اس کے ساتھ ایک من گھڑت بنایا ہوا نقشہ چھپتا ہے پاکستان فوج کی موومنٹ کے بارے میں کہ یہ اس طرح آگے بڑھ رہی ہیں، بالکل من گھڑت جعلی نقشہ۔ پتہ یہ چلا کہ جنرل سندر جی کے ایماء پر ہندوستان کی ڈیفنس منسٹری نے یہ جعلی نقشہ ہندوستان کے اخبارات کو سپلائی کیا تھا۔ اس دوران میں جو ۲۳ تاریخ کے واقعات ہوئے اور اس کے بعد جس طرح ہندوستان کی گورنمنٹ نے بات چیت کے ذریعے اس معاملے کو طے کرنے کا فیصلہ کیا۔ لیکن ۲۷ تاریخ کو پھر جنرل سندر جی ایک بیان جاری کرتے ہیں، جعلی بیان کہ پاکستان کی افواج نے ستلج کراس کر لیا ہے۔ بالکل غلط باتیں ہیں۔ ہماری فوج کے کسی ایک فرد نے بھی ستلج کراس نہیں کیا ہے۔ لیکن ایسا کیوں ہو رہا ہے یہ بات میں یہاں سینٹ کے سامنے کس لئے پیش کر رہا ہوں یہ آپ کو بھی پتہ ہے اور ہندوستان کو اس بات پر فخر ہے کہ وہ ایک جمہوریت ہے اور دنیا میں یہ کہا جاتا ہے کہ ایشیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے میں بھی ان سے اتفاق کرتا ہوں کہ ہندوستان میں جمہوریت ہے تو ان جمہوری ملک میں اس ملک کا وزیراعظم تو کہتا ہے کہ ہم جنگ نہیں چاہتے ہم تم سے بات چیت کر کے اس معاملے کو نمٹانا چاہتے ہیں دوسری طرف اس کی فوج کا چیف آف سٹاف دھنا دھن روزانہ ایک بیان دیتے جا رہے ہیں جس کے نتیجے میں فضا خراب ہو اور تنازعہ اور بڑھے اور دونوں ملکوں کو جنگ کے قریب لے جایا جائے تو اس سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے ہم کیا سمجھیں؟ کیا یہ سمجھیں کہ ہندوستان میں ہندوستان کے وزیراعظم راجیو گاندھی کا ہولڈ اپنی فوج پر کم ہو گیا ہے، نہیں۔ میں یہ بات ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں میں یہ نہیں مانتا کہ اگر ہندوستان کے وزیراعظم نہ چاہیں تو وہاں کے کسی جنرل کی یہ ہمت ہو سکتی ہے کہ اس قسم کے بیانات دے تو پھر کیا نتیجہ نکلتا ہے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ایک طرف

[Mr. Zain Noorani]

تو ہندوستان کی حکومت جمہوری پاکستان سے یہ کہتی ہے کہ ہم تم سے بات چیت کرنا چاہتے ہیں اور تم سے اس معاملے کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں کہ دونوں ملک مل کر اس کو طے کریں اور دوسری طرف ان کی فوج کے سربراہ جنگ کی پوری تیاری جاری رکھتے ہیں بلکہ ۲۳ تاریخ کو جتنی فوج تھی اس سے زیادہ بھی ہماری سرحدوں کے قریب لے آتے ہیں اور بیانات روزانہ دیا کرتے ہیں ظاہر یہ ہوتا ہے کہ یہ سب کچھ ہندوستان کی حکومت کے ایماء پر ہوتا ہے اس لئے جب ہندوستان کی two faces پالیسی چل رہی ہے تو ایسے موقع پر پاکستان مجبور ہے اسے بھی اپنے دفاع کا مکمل انتظام جاری رکھنا ہوگا۔

یہاں پر معزز سینیٹر صاحبان نے بہت سارے مفید مشورے دیئے ہیں جن کو باقاعدگی سے نوٹ کیا گیا ہے میں آپ کے ذریعے سے سینیٹر صاحبان کو یقین دلاتا ہوں ان کے مشوروں کے مطابق جس حد تک حکومت پاکستان عمل کر سکتی ہے وہ کرنے کی کوشش کرے گی یہاں پر یہ آواز بھی سننے میں آئی کہ پاکستان میں صوبائیت کی بناء پر یا دوسرے سیاسی اختلافات کی بناء پر آپس میں بہت اختلافات ہیں۔ میں مانتا ہوں کہ ہمارے ملک میں اختلافات ضرور ہیں لیکن اس سے نہ ہندوستان کو اور نہ کسی اور کو غلط سگنل لینے کی ضرورت ہے۔ ہم پارلیمنٹ میں بھی ایک دوسرے سے بعض مرتبہ اتفاق نہیں کرتے ہیں ایک دوسرے کے خلاف بڑی زوردار تقریریں کرتے ہیں اور پارلیمنٹ سے باہر بھی اختلافات ضرور موجود ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر کسی دشمن نے پاکستان پر حملہ کیا یا پاکستان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی تو یہ قوم متحد نہیں ہوگی آپ یقین رکھیئے کہ یہ میرا ایمان ہے کہ پاکستان کی سرزمین کے ایک انچ پر بھی کسی دشمن نے قبضہ کرنے کی کوشش کی تو پاکستان کا بچہ بچہ متحد ہو کر اس کا منہ توڑ جواب دینے کے لئے تیار ہوگا۔

جناب چیئرمین صاحب! یہاں پر اس کا اشارہ بھی کیا گیا کہ ہندوستان کی فوج کے پاس ہم سے زیادہ ایکوپمنٹس ہیں، ہم سے زیادہ وسائل ہیں۔ اس میں شبے کی بات نہیں ہے۔ لیکن حکومتِ پاکستان نے بھی جس حد تک ممکن ہو اس حد تک

پاکستان کی افواج کو ایک ماڈرن اور self-sufficient unit کے طور پر آرگنائز کرنے کی کوشش کی ہے اور اللہ کے فضل سے آپ یقین رکھئے کہ اس کے باوجود کہ ہندوستان کی فوج ہم سے تین گنا بڑھ کر ہے اس کے پاس ہم سے زیادہ بہتر وسائل ہیں لیکن آپ یقین رکھئے کہ پاکستان کی افواج اور پاکستان کے لوگ آج بھی اس پوزیشن میں ہیں، ہندوستان ہو یا کوئی اور طاقت ہو، اگر پاکستان کی طرف آنکھ اٹھاکر دیکھتا ہے تو ہم اس کی آنکھیں نکالنے کی قابلیت رکھتے ہیں، ہندوستان سے بار بار یہ پیغام آتا ہے اور وہ یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان کو اپنے ارادوں کے بارے میں تسلی دلائے آج صبح نیشنل اسمبلی میں بھی اور اس معزز ایوان سینٹ کے ذریعے سے میں پاکستان کی طرف سے تسلی دینا چاہتا ہوں ان سے اعلانیہ یہ وعدہ کرنا چاہتا ہوں کہ پاکستان ہندوستان کے ساتھ جنگ نہیں چاہتا

پاکستان امن چاہتا ہے یہ بھی ہمارا وعدہ ہے کہ پاکستان ہندوستان کے خلاف جارحیت نہیں کرے گا۔ یہ بھی ہمارا وعدہ ہے کہ پاکستان ہندوستان کے اندرونی معاملات میں نہ مداخلت کرتا آیا ہے نہ کرنے کی خواہش رکھتا ہے یہ اس کا اندرونی معاملہ ہے ہمیں اس میں مداخلت کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ لیکن یہ وعدے صرف ایک طرفہ نہیں ہو سکتے میں بھی ایک پاکستانی کی حیثیت سے یہ توقع کرتا ہوں کہ جس طرح میں نے پاکستان کی طرف سے یہ وعدہ کیا ہے ہندوستان کی حکومت بھی اسی طرح کا وعدہ پاکستانی قوم سے کرے کہ ہندوستان پاکستان پر حملہ نہیں کرنا چاہتا۔ ہندوستان پاکستان کے ساتھ امن چاہتا ہے ہندوستان پاکستان پر حملہ نہیں کرے گا اور ہندوستان پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرے گا اصل بات تو یہ ہے کہ فوجوں کی واپسی خود بخود ہو جائے گی جس دن آپ نے یہ وعدہ کر لیا اور sincerely وعدہ کر لیا وہ جو بنگلور کا وعدہ تھا اس قسم کا وعدہ نہیں۔ تب خود بخود فضا ٹھیک ہو جائے، لیکن ایک وعدہ میں اور کرنا چاہتا ہوں آپ کی اجازت سے، وہ وعدہ صرف ہندوستان کے ساتھ نہیں بلکہ اگر اور کوئی طاقت بھی پاکستان کے خلاف غلط عزائم

[Mr. Zain Noorani]

رکھتی ہو تو میرا یہ ان سے وعدہ ہے کہ پاکستانی افواج اور پاکستانی عوام پاکستان کے ہر انچ کی حفاظت کرنے کے لئے تیار رہیں اور کرنا جانتے ہیں اگر پاکستان پر کسی طرف سے بھی حملہ ہوا تو پاکستان مجبور ہو جائے گا کہ وہ اپنی پوری قوت کے ساتھ اس کا مقابلہ کرے پاکستان نے ہندوستان کی طرف چھ سال سے بار بار امن کی کوشش کی ہے دوستی کی کوشش کی ہے اور آج بھی ہمارا ہاتھ دوستی کا آگے بڑھا ہوا ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ ہندوستان کی حکومت بھی اس بات کو سمجھ لے گی کہ جنگ میں نہ پاکستان کا فائدہ ہے نہ ہندوستان کا فائدہ ہے دونوں ممالک developing countries ہیں دونوں ممالک میں غریب بستے ہیں لہٰذا نہ ہندوستان کے لئے یہ صحیح ہے کہ ہر سال وہ دو سو کروڑ روپے اس قسم کی ایک جنگی مشق پر خرچ کر دے یا اتنی بڑی رقم اپنی ملٹری مشینری پر خرچ کیا کرے اور نہ یہ پاکستان کیلئے درست ہے۔ آیئے دوستی اور امن کے ساتھ اگر ہمارے دونوں ملک رہتے ہیں تو یہ سارا پیسہ ہم اپنے غریب عوام کی بہتری پر خرچ کر سکتے ہیں۔

پاکستان میں جب کبھی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان تعلقات کا ذکر ہوتا ہے تو کشمیر کا ذکر لازمی ہے کشمیر ہندوستان اور پاکستان کے درمیان اختلافات کی ایک اہم وجہ ہے حکومت پاکستان کشمیر کے بارے میں نہ تو اپنا مؤقف تبدیل کر سکتی ہے اور نہ کشمیری عوام کو، ان کی خواہشات کو، ان کے جذبات کو، ان کی مرضی کو، قربان کر سکتی ہے۔ حکومت پاکستان کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے، اب بھی کوشش ہے اور آئندہ بھی کوشش رہے گی کہ ہندوستان و پاکستان کے درمیان کشمیر کا معاملہ یونائیٹڈ نیشنز کی قرار دادوں کے تحت اور شملہ معاہدے کے سپرٹ کے تحت طے کیا جائے اور اس کے لئے ہم ہمیشہ کوشش کرتے رہیں گے، اس سلسلے میں ہم ہندوستان سے بھی یہ کہنا چاہتے ہیں کہ جس روز سیاسی طور پر تم نے پاکستان کے ساتھ کشمیر کا مسئلہ طے کر لیا statesmanship کا ثبوت دیا تو میں وجہ ہندوستان اور پاکستان کے اختلاف کی ختم ہو جاتی ہے اور ایک سود مند راستہ دونوں ملکوں کے سامنے آتا ہے جس کے تحت، دونوں ملک بھائی چارے کی زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

میں جناب چیئرمین! یقین رکھتا ہوں کہ جس طرح ہماری خواہش ہے کہ پارلیمنٹ کے ممبران کو ہم اپنے ساتھ لے کر چلیں اسی طرح حکومت پاکستان کی یہ بھی خواہش ہے کہ ملک کے ہر فرد کو ایسے موقع پر ہم اپنے ساتھ لے کر چلیں اور ان کے لئے انشاءاللہ تعالیٰ حکومت پاکستان پوری طرح کوشاں رہے گی۔ یہ خیال کرنا کہ ایک طبقے کو نظر انداز کیا جائے گا یا اس کے ساتھ ہم بات چیت کرنے کی کوشش نہیں کریں گے غلط ہے۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہر پاکستانی جو ہمارے ملک میں بستا ہے ہمارے نزدیک اس وقت تک جب تک وہ ایسی بات نہ کرے جیسے بعض لیڈران نے آجکل کیا ہے خصوصاً دو ایک لیڈران نے۔ اس وقت تک ہر پاکستانی محب وطن ہے اور یہ حکومت کا فرض ہوتا ہے کہ وہ پاکستان کے ہر باشندے کو پاکستان کی بہبود، پاکستان کے تحفظ اور اس کے دفاع کے لئے اپنے ساتھ لینے کی کوشش کرے اور انشاءاللہ یہ کوشش کی جائے گی۔

آخر میں، میں ایک بار پھر اس معزز ایوان کا' آپ کا اور سینیٹر صاحبان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ایسے critical movement میں اتنے مفید مشورے دیئے ہیں اور واقعی حکومت کی ہمت افزائی کی ہے۔ شکریہ!

جناب قائم مقام چیئرمین:- اجلاس یکم فروری بروز اتوار صبح ۱۰ بجے تک کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے۔ شکریہ جی!

---

*(The House adjourned to meet again at ten of clock in the evening on Sunday 1st February, 1987).*

PCPPI—2279 (87) Senate—17-6-87—300.